★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر28......شمارہ نمبر08 بروز جمعرات 8 اکتوبر 2026ء 26 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

پاک بحریہ کے سمندر میں 2 بڑے آپریشنز، منشیات کی بڑی کھیپ قبضے میں لے لی

اسلام آباد(آن لائن) پاک بحریہ کے سمندر میں 2 بڑے آپریشنز کے دوران منشیات کی بڑی کھیپ قبضے میں لے لی گئی۔ یہ کامیاب انسداد منشیات آپریشنز پی این ایس یرموک نے بحیرہ عرب میں تعیناتی کے دوران کیا۔ مشکوک کشتیوں پر آپریشن کے دوران پی این ایس یرموک نے تقریباً 850 کلوگرام آئس اور 2000 کلوگرام حشیش ضبط کرلی۔ ضبط کی گئی منشیات کی عالمی منڈی میں مالیت تقریباً 96 ملین امریکی ڈالرز ہے۔

منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جنگ میں پاکستان ہرممکن اقدامات جاری رکھے گا، وزیراعظم

اسلام آباد(آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جنگ میں پاکستان ہرممکن اقدامات جاری رکھے گا، علاقائی بحری سلامتی اور سمندر کے ذریعے غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے پاک بحریہ کا کردار قابل فخر ہے، بحیرہ عرب میں پاکستان نیوی کے جہاز یرموک کی انسداد منشیات کی دو کامیاب کارروائیوں پر پاک بحریہ کے افسران واہلکاروں کی پذیرائی کرتے ہوئے وزیراعظم نے بحیرہ عرب میں

قرضوں کی سہولت کیلئے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے، وزیراعظم

اسلام آباد(آن لائن)وزیراعظم محمد شہبازشریف نے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کے لیے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے [illegible] بینک آف (باقی صفحہ 2 نمبر1)

فاروق ایچ نائیک کے استعفے کے بعد بلاول بھٹو کی جوڈیشل کمیشن میں نامزدگی متوقع

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلزپارٹی نے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان میں سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی جگہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو نیا رکن نامزد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کی نامزدگی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جلد جاری کیا جا(باقی صفحہ 2 نمبر2)

نئی آٹو پالیسی اگلے دو ہفتوں میں پارلیمنٹ میں پیش کردی جائے گی، ہارون اختر خان

اسلام آباد(آن لائن) سینیٹ کی صنعت و پیداوار کمیٹی کو وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے بتایا ہے کہ حکومت ملک میں گاڑیوں کی تیاری اور درآمد کو خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ نئی آٹو پالیسی اگلے دو ہفتوں میں پارلیمنٹ میں پیش کردی جائے گی۔ بدھ کو کمیٹی کا اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر3)

بلوچستان ملک کا ایک اہم مگر نسبتاً پسماندہ صوبہ ہے، اس لیے صوبے کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، ملاقات میں بات چیت

بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے، اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے ملاقات، مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال، بالخصوص بلوچستان میں امن وامان، سکیورٹی، معاشی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ(آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، بالخصوص بلوچستان میں امن و امان، سکیورٹی، معاشی ترقی، عوامی ریلیف، صوبے کی ترقیاتی ضروریات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات، امن وامان کی صورتحال میں بہتری، عوام کو ریلیف کی فراہمی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان ملک کا ایک اہم مگر نسبتاً پسماندہ صوبہ ہے، اس لیے صوبے کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور عوامی (باقی صفحہ 2 نمبر4)

پاکستانی فوجی دستوں کی سعودی عرب میں موجودگی کوئی نئی بات نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان طویل عرصے سے جاری دفاعی تعلقات کا حصہ ہے، غیرملکی میڈیا کو انٹرویو

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کئی دہائیوں سے دفاعی تعاون جاری ہے پاکستانی دستے مختلف شعبوں میں سعودی عرب میں تعینات ہیں: لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

معاہدے کے تحت پاکستانی فوجی دستے سعودی عرب میں موجود ہیں

ترجمان پاک فوج

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کئی دہائیوں پر مشتمل ہے اور دونوں ممالک کے درمیان عسکری روابط مختلف سطحوں پر جاری رہے ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) ترجمان افواج پاکستان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سعودی عرب میں پاکستانی فوجی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کئی دہائیوں پر محیط ہے اور پاکستانی فوجی دستے طویل عرصے سے سعودی عرب میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سی این این کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ پاکستانی فوجی دستوں کی سعودی عرب میں موجودگی (باقی صفحہ 2 نمبر10)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ایکس ٹو فنانس کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انتونیو گوتریس کی جی ایچ کیو آمد، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے اہم ملاقات

افغانستان سے پیدا ہونے والی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

راولپنڈی(آن لائن)اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور عالمی امن واستحکام سے متعلق مختلف معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر9)

قومی یوم استقامت: وزیراعظم کا 2005 کے زلزلہ متاثرین کو خراج عقیدت، قومی عزم کا اعادہ

اسلام آباد(آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان قدرتی آفات اور موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات کے باوجود عزم، استقامت اور ثابت قدمی کے ساتھ ہر چیلنج کا مقابلہ کررہا ہے۔ قومی یوم (باقی صفحہ 2 نمبر8)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے تین اہم سمریز کی منظوری دے دی

ایسٹس مینجمنٹ اتھارٹی بل 2026 اور سول سرونٹس (ترمیمی) بل 2026 شامل ہیں۔

اسلام آباد(آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے تین اہم سمریز کی منظوری دے دی ہے، جن میں وفاقی سروس ٹریبونل کے چیئرمین اور ایک رکن کی تقرری سے متعلق سمری بھی شامل ہے۔ صدر مملکت کی جانب سے منظور کی گئی دیگر سمریز میں پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایسٹس مینجمنٹ اتھارٹی بل 2026 اور سول سرونٹس (ترمیمی) بل (باقی صفحہ 2 نمبر7)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پاکستان کا اعلیٰ ترین سول اعزاز نشانِ امتیاز عطا

اسلام آباد(آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو عالمی امن وترقی، اقوام متحدہ کی قیادت اور بین الاقوامی سطح پر ان کی خدمات کے اعتراف میں پاکستان کا اعلیٰ ترین سول اعزاز نشانِ امتیاز عطا کردیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر6)

وزیر خزانہ کی زیر صدارت رسائی مالیات اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

مالی معاونت کا دائرہ مزید وسیع کرنے اور عملی نتائج پر توجہ مرکوز رکھنے کی ہدایت

زرعی فنانس اور کسانوں تک قرضوں کی رسائی میں مزید اضافہ کیا جائے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کی رسائی مالیات پالیسی کا مقصد صرف قرضوں اور مالی وسائل کی دستیابی بڑھانا نہیں بلکہ ایسا مضبوط اور پائیدار مالیاتی نظام تشکیل دینا ہے جس کے ذریعے چھوٹے و درمیانے کاروبار، کسانوں، گھرانوں اور دیگر کم سہولت یافتہ طبقات تک موثر انداز میں مالی معاونت (باقی صفحہ 2 نمبر5)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کو ینگ لیڈر پارلیمنٹیرین کی جانب عصمت اللہ یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

نیک نیت لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ راستے بناتے ہیں، پاکستان کی بہتری کے لیے کوششیں جاری ہیں: اسپیکر قومی اسمبلی

اسپیکر ایاز صادق کی فضل الرحمان سے ملاقات، مذاکراتی کوششیں جاری رکھنے کا عزم

مذاکرات کے حوالے سے امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، مذاکرات کے حوالے سے امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے،

کیونکہ امید ہی سے دنیا قائم ہے، اللہ تعالیٰ نیک نیت لوگوں کے لیے راستے بناتے ہیں، مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ حکومت اور سیاسی قوتوں کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، اللہ تعالیٰ نیک نیت لوگوں کے لیے راستے پیدا کرتا ہے اور پاکستان کی بہتری کے لیے بھی راستے بنتے جا رہے ہیں۔ سردار ایاز صادق نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کے لیے آئے تھے اور انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان سے تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد ملاقات ہوئی ہے، تاہم ا(باقی صفحہ 2 نمبر11)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، گفتگو

نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، گورنر بلوچستان

انہیں فیصلہ سازی، جمہوری اقدار اور پارلیمانی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد نے عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو پارلیمانی امور، جمہوری عمل اور پالیسی سازی سے روشناس کرانے سمیت صوبے میں نوجوانوں کیلئے موثر پلیٹ فارم کے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے پر سنجیدگی سے غور کررہے ہیں، طارق فضل

وزیراعلیٰ اب برملا اعلان کررہے ہیں کہ وہ وفاق سے تعاون نہیں کریں گے، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے ارکان کی تقرری ایک آئینی معاملہ ہے، تاہم اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی اس عمل میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ وزیراعظم نے دو مرتبہ ان سے رابطہ کیا لیکن انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر13)

جعلی اور مسلط حکمرانوں کا دور ختم ہونے والا ہے، ہمارا زمانہ شروع ہوگا: سہیل آفریدی

پشاور(آن لائن) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ جعلی، مسلط شدہ اور عوامی مینڈیٹ چرانے والے حکمرانوں کا دور ختم ہونے والا ہے اور اب عوام کا زمانہ (باقی صفحہ 2 نمبر15)

گورنر راج آخری آپشن، حکومت تمام آئینی وقانونی راستے دیکھ رہی ہے، خواجہ آصف

پی ٹی آئی سیاسی جماعت کا کردار ادا کرے، دہشت گرد جماعت کا نہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(آن لائن) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ گورنر راج حکومت کا آخری آپشن ہوگا اور حکومت پوری کوشش کررہی ہے کہ حالات کو اس نہج تک نہ پہنچنے دیا جائے، تاہم اگر کوئی راستہ باقی نہ بچا تو دارالحکومت کو کسی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا(باقی صفحہ 2 نمبر14)

نیشنل پارٹی کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے امکانات سے متعلق سامنے آنے والی باتوں پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے امکانات سے متعلق (باقی صفحہ 2 نمبر16)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی گزشتہ انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ اندرونی حالات کے باعث مشکل صورتحال سے دوچار ہے، اپوزیشن لیڈر

سیاسی بحران کا حل مذاکرات اور آئین کی بالادستی میں ہے، محمود اچکزئی

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام شہداء سات اور گیارہ اکتوبر کی برسی کی مناسبت سے منعقدہ جلسہ عام سے خطاب

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ اندرونی حالات کے باعث مشکل صورتحال سے دوچار ہے، ملک کو ٹوٹنے اور جوڑنے کے دوراہے پر کھڑا کردیا گیا ہے، تمام سیاسی جماعتیں آئین کی بالادستی پر متفق ہوں، سیاسی بحران کا حل مذاکرات اور آئین کی بالادستی میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکو(باقی صفحہ 2 نمبر26)

خیبرپختونخوا، بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں، 18 دہشتگرد ہلاک

شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 13 خوارج، مستونگ میں 5 دہشتگرد مارے گئے

اسلام آباد(آن لائن) خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید کامیابیاں حاصل کرلیں۔ سکیورٹی ذرائع (باقی صفحہ 2 نمبر18)

ہمیں معرکہ حق کی طرح معرکہ ترقی بھی جیتنا ہے، احسن اقبال

پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پالیسیوں کا تسلسل اور سیاسی استحکام ناگزیر ہے

اسلام آباد(آن لائن)وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہمیں معرکہ حق کی طرح معرکہ ترقی بھی جیتنا ہے، ہم نے کئی بار ترقی کے منصوبے بنائے، مگر (باقی صفحہ 2 نمبر17)

آسان خدمت مراکز کا دائرہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان تک بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد(آن لائن)وفاقی وزیر احد چیمہ کی زیر صدارت آسان خدمت مراکز سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں مراکز کے قیام سمیت ملک (باقی صفحہ 2 نمبر19)

زیارت، ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایک پُروقار تقریب کا انعقاد

زیارت (خ ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج زیارت میں اساتذہ کی علمی، اخلاقی اور تربیتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر2)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات کا پالیسی راؤنڈ

75 ہزار ڈالر تک کی الیکٹرک گاڑیاں ٹیکس چھوٹ کے دائرے میں لانے کی تجویز ہے، حکام

اسلام آباد(آن لائن)پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات کا پالیسی راؤنڈ جاری ہے جس میں اقتصادی ٹیم اور جائزہ مشن کے درمیان نئی آٹو پالیسی پر بات چیت کی گئی اور حکام کے مطابق 75 ہزار ڈالر تک کی الیکٹرک گاڑیاں ٹیکس چھوٹ کے دائرے میں لانے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن کو آٹو پالیسی سے متعلق پالیسی موقف بارے آگاہ کر دیا، وزارت صنعت و پیداوار نے نئی آٹو پالیسی بارے تجاویز بارے بھی بریفنگ دی، نئی آٹو پالیسی میں گاڑیوں کی درآمد پر تین اہم ٹیکس ختم کرنے کی تجاویز ہیں، 75 ہزار ڈالر (باقی صفحہ 2 نمبر25)

60 ایکڑ ذاتی اراضی پر مبینہ قبضے کا معاملہ، سید بقا محمد شاہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

محبت پور(آن لائن) ضلع [illegible] میں تقریباً 60 ایکڑ ذاتی اراضی پر مبینہ قبضے کے خلاف سید بقا محمد شاہ نے اعلیٰ حکام سے فور(باقی صفحہ 2 نمبر22)

لانگ مارچ کے باوجود مذاکرات کا سلسلہ بند نہیں ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر علی خان

کچھ لچک ہونی چاہیے، اس لیے مذاکرات ختم نہیں ہونے چاہئیں اور بریک نہیں آنا چاہیے

اسلام آباد(آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کے باوجود مذاکرات کا سلسلہ بند نہیں ہونا چاہیے۔ بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا سلسلہ ختم نہیں ہونا چاہیے اور لانگ مارچ اسلام آباد پہنچنے کی صورت میں بھی بات چیت ناگزیر رہے گی۔ انہوں نے محسن نقوی سے کل رات ہونے والی ملاقات کی خبروں پر کہا کہ ملاقاتیں ہونی چاہئیں اور مذاکرات دوبارہ ہونے چاہئیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر24)

بروری روڈ پر غیرقانونی تجاوزات کے خلاف مشترکہ کارروائی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف (باقی صفحہ 2 نمبر23)

پاکستان اور بیلاروس کے تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان، علاقائی و عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال

اسحاق ڈار سے بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان و بیلاروس کے درمیان موجود دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد(آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل الیگزینڈر وولفوچ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات سمیت علاقائی اور عالمی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں ہونے والی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کے کمانڈر جنرل سید عامر رضا کی اسحاق ڈار سے ملاقات

قومی مفادات کے فروغ کیلئے ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر اتفاق

اسلام آباد(آن لائن)نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کے کمانڈر جنرل سید عامر رضا اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کے قومی مفادات کے فروغ کے لیے ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر اتفاق کیا ہے۔ نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کے کمانڈر جنرل سید عامر رضا نے وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے جنرل سید عامر رضا کو ترقی اور نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کے کمانڈر کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے جنرل سید عامر رضا کے لیے نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کی خواہش کا اظہار کیا، ملاقات میں قومی (باقی صفحہ 2 نمبر31)

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ اسکالرشپس کے حوالے سے خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد

سبی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات اور صوبائی حکومت کی تعلیمی پالیسی کے تحت مستحق اور باصلاحیت طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) اسکالرشپس کے حوالے سے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن چیف (باقی صفحہ 2 نمبر30)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال "اُڑان پاکستان" سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بیلاروس کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات

جی ایچ کیو میں علاقائی وعالمی سلامتی، باہمی دلچسپی کے امور اور پاک بیلاروس دفاعی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی وسیکیورٹی تعاون کو مزید فروغ دینے کیلئے باہمی رابطوں اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا

راولپنڈی(آن لائن) بیلاروس کی سیکیورٹی کونسل کے اسٹیٹ سیکریٹری لیفٹیننٹ جنرل الیگزینڈر وولفوچ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی وفد نے جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ کیا، جہاں وفد نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی سلامتی کی صورتحال سمیت پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر29)

آئی ایل او کے ڈی جی اور وفاقی وزیر چوہدری سالک کا گڈانی کا دورہ

متعلقہ حکام نے اس کامیابی کی منزل کو حاصل کرنے کیلئے کوششیں کی ہیں

ملکی اسٹیل انڈسٹری کو فیڈ کرتا ہے اور ہزاروں افراد کو روزگار فراہم کرتا ہے، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) آئی ایل او کے ڈی جی Gilbert F.Hiungbo اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے گڈانی کا ایک روزہ دورہ کیا دورے میں وفاقی سیکرٹری چوہدری ندیم اسلم ان کے ہمراہ تھے گڈانی آمد پر اسکول کی بچیوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کیے صوبائی وزیر ظہور بلیدی و دیگر نے مہمانوں کا والہانہ استقبال کیا آئی ایل او ڈا(باقی صفحہ 2 نمبر28)

وزیر داخلہ اور وزیر مملکت سے برطانوی وزیر مملکت خارجہ امور سٹیفن ڈوٹی کی ملاقات

غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے پر اتفاق

جعلی سٹوڈنٹ ویزوں کے ذریعے بیرون ملک جانے والے پاکستانی طلبہ کے معاملے میں سخت جانچ پڑتال ضروری ہے

اسلام آباد(آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے برطانوی وزیر مملکت خارجہ امور سٹیفن ڈوٹی کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاک برطانیہ تعلقات اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ غیر قانونی امیگریشن، انسداد منشیات اور انسداد دہشتگردی کے لیے تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی۔ جعلی سٹوڈنٹ ویزوں کے ذریعے برطانیہ (باقی صفحہ 2 نمبر27)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جنگ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جنگ میں پاکستان ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا، علاقائی بحری سلامتی اور سمندر کے ذریعے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے پاک بحریہ کا کردار قابلِ فخر ہے، بحیرہ عرب میں پاکستان نیوی کے جہاز یرموک کی انسدادِ منشیات کی دو کامیاب کارروائیوں پر پاک بحریہ کے افسران و اہلکاروں کی پزیرائی کرتے ہوئے وزیراعظم نے بحیرہ عرب میں تقریباً 96 ملین امریکی ڈالر مالیت کی منشیات برآمد کرنے پر پاک بحریہ کے افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور کہا کہ پاکستان نیوی کی بروقت اور کامیاب کارروائیاں سمندری حدود میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف موثر اقدام ہیں، علاقائی بحری سلامتی اور سمندر کے ذریعے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے پاک بحریہ کا کردار قابلِ فخر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جنگ میں پاکستان ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا، پاکستان نیوی کی کامیاب کارروائیاں علاقائی بحری سلامتی کے تحفظ اور سمندر کے ذریعے غیر قانونی تجارت کی روک تھام کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں۔

بقیہ 01

پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے اور نئے تعینات صدر کو ہدایت کی ہے کہ نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف بلا خوف تحکمانہ کارروائی کی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ای شعبوں کو مالی وسائل کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کر کے قرضوں کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کے لیے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے، ایس ایم ای پورٹل کے ذریعے بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی اور لیٹرز آف کریڈٹ (ایل سیز) سمیت کاروباری سہولیات کی تازہ ترین صورتحال کی براہ راست نگرانی ممکن ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایس ایم ایز کی استعداد کار بڑھانے، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ، پیداواری صلاحیت میں اضافے اور عالمی ویلیو چین سے منسلک کرنے کے لیے سمیڈا موثر اقدامات کرے، اجلاس میں قرضوں کے حوالے سے نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ ویمن بینک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے اور نئے تعینات ہونے والے صدر کو ہدایت کی کہ نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف بلا خوف تحکمانہ کارروائی کی جائے، بینکوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کے لیے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں، اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کے لیے ہاؤسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی اور شفافیت آئے گی، اجلاس کو ہاؤسنگ، زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی کے اعدادوشمار پیش کیے گئے۔

بقیہ 02

ئے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی نے جوڈیشل کمیشن میں اپنی نمائندگی برقرار رکھنے کے لیے بلاول بھٹو زرداری کا نام نئے رکن کے طور پر تجویز کیا ہے۔ تاہم ان کی نامزدگی سے متعلق حتمی سرکاری نوٹیفکیشن جاری ہونا ابھی باقی ہے۔ یہ پیش رفت پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی جانب سے جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے استعفیٰ دیے جانے کے بعد سامنے آئی ہے۔ فاروق ایچ نائیک نے آج اپنے استعفے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ذاتی مصروفیات کے باعث کمیشن کی رکنیت چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اعلیٰ عدلیہ میں ججوں کی تقرری کے عمل میں اہم آئینی کردار ادا کرتا ہے۔ فاروق ایچ نائیک پیپلز پارٹی کی جانب سے کمیشن کے رکن تھے اور مختلف عدالتی تقرریوں سے متعلق کارروائیوں میں حصہ لیتے رہے ہیں۔

بقیہ 03

سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ آٹو پالیسی نہ آنے کی وجہ سے آٹو سیکٹر میں غیر یقینی صورتحال ہے اور سرمایہ کار پریشانی کا شکار ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی کے حوالے سے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز میٹنگز ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آٹو سیکٹر کے حوالے سے تحفظات بہت زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مراعات کے باوجود آٹو سیکٹر برآمدات نہ کرسکی۔ ملک میں آٹو سیکٹر کو بہت زیادہ پروٹیکشن ملی ہے اور ان کا منافع بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے ان کا برآمدات کا رجحان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹو سیکٹر نے بجلی، ٹیکسوں اور خام مال کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے جو کہ درست ہے اور اسی وجہ سے پروڈکشن نہیں ہورہی ہے اور اگر خام مال کو درآمد کیا جائے تو قیمتیں بیرونی دنیا سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹو سیکٹر پر یہ بھی الزام ہے کہ انہوں نے لوکلائزیشن نہیں کی ہے تاہم اس حوالے سے کچھ برانڈز نے اچھا کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی کے حوالے سے وزیراعظم بہت محتاط ہے اور آٹو سیکٹر سے لوکلائزیشن اور گاڑیوں کی برآمد کے حوالے سے یقین دہانی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ٹیرف میں کمی کریں گے تو یہ یونٹس کی درآمد پر زیادہ توجہ دیں گے اسی وجہ سے حکومت اس پر سوچ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت یہ مسئلہ ہے کہ ملک میں مینوفیکچرنگ میں اضافے کے لیے سی بی یو کی درآمد کو روکنا ہے اسی طرح سی کے ڈی کے یونٹ میں پارٹس کو تین حصوں میں کردیا گیا ہے تاکہ لوکلائزیشن میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت گاڑیوں کے خریداروں کے مفادات کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں الیکٹرک گاڑیوں کو فروغ دینے کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور متوسط طبقے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کی قیمتوں کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح مقامی سطح پر گاڑیوں کی تیاری ہے۔ اور گاڑیوں کی برآمد پر رعایتیں دینے کی تجویز ہے۔ اس موقع پر گاڑیوں کے تیار کنندگان نے کہا کہ گاڑیوں کی برآمد ایک بڑا چیلنج ہے اور جو بھی پالیسی ہو وہ جلد از جلد آنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ پر ہزاروں کی تعداد میں سی کے ڈی یونٹس پڑے ہیں۔

بقیہ 04

فلاح موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باصلاحیت، محنتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے مالا مال ہیں، جبکہ صوبہ قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے بھی بھرپور ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو موثر، شفاف اور بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کے عوام کی معاشی و سماجی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے مقامی آبادی کو ترقی کے عمل میں زیادہ سے زیادہ شریک کیا جائے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی بہتری کے لیے موجودہ حکومت عسکری قیادت کے تعاون سے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ امن و استحکام ہی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، اور وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان میں پائیدار امن کے ساتھ ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی معاشی ترقی اور مستقبل میں اہم کردار ادا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ پاک چین اقتصادی راہداری (CPEC) اور گوادر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے معاشی ترقی کے اہم مراکز ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان منصوبوں سے بھرپور استفادے کے لیے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر قومی اور صوبائی مفاد میں مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ملک کے دیگر ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لانے کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں، سیاسی قیادت اور تمام متعلقہ اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے اجتماعی کاوشیں ناگزیر ہیں۔ سیدال خان ناصر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کی ترقی، امن، معاشی استحکام اور عوام کی خوشحالی کے لیے تمام متعلقہ حلقوں کو سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے اور ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت بن سکتا ہے۔

بقیہ 05

پہنچائی جا سکے۔ وزیرخزانہ کی زیر صدارت وزارت خزانہ میں رسائی مالیات سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس منعقد ہوا، جس میں ترجیحی شعبوں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنے کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیرخزانہ نے ہدایت کی کہ اب کمیٹی کی توجہ محض پالیسی سازی کے بجائے عملی اقدامات، قابل پیمائش نتائج اور آئندہ کے واضح لائحہ عمل پر مرکوز ہونی چاہیے۔ انہوں نے ذیلی کمیٹیوں کے فیصلوں اور سفارشات پر باقاعدگی سے پیش رفت کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے مالی معاونت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جون 2026 میں ایس ایم ای فنانس کا حجم ایک کھرب 11 ارب 40 کروڑ روپے کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے اختتام تک 23 ارب روپے اضافے کے بعد ایک کھرب 13 ارب 70 کروڑ روپے سے تجاوز کر گیا۔ اسی عرصے میں قرض حاصل کرنے والے افراد کی تعداد بھی 25 ہزار سے زائد اضافے کے بعد تقریباً 3 لاکھ 50 ہزار 862 تک پہنچ گئی۔ وزیرخزانہ نے ایس ایم ای فنانس میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جون 2028 تک ایس ایم ای فنانس کو 2 کھرب روپے اور قرض لینے والوں کی تعداد 7 لاکھ 75 ہزار تک بڑھانے کے حکومتی ہدف کے حصول کے لیے مربوط کوششیں ضروری ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اس مقصد کے لیے کمرشل بینکوں، مائیکروفنانس اداروں اور دیگر مالیاتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مائیکروفنانس اداروں کو مساوی مواقع فراہم کرنے اور چھوٹے کاروباروں تک مالی سہولتوں کی رسائی بڑھانے کے لیے موثر حکومتی معاونت اور مناسب مالیاتی طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی۔ کمیٹی نے چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کی قرض حاصل کرنے کی صلاحیت اور انتظامی استعداد بہتر بنانے کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ وزیرخزانہ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ اسٹیٹ بینک، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور مالیاتی اداروں کی جاری کوششوں کو یکجا کرکے ایک واضح عملی منصوبہ تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے میں ذمہ دار اداروں، کام کی مدت اور باہمی انحصار کی واضح نشاندہی ہونی چاہیے، جبکہ مالیاتی خواندگی، دستاویزات کی تیاری میں معاونت اور ڈیجیٹل ذرائع کے استعمال سے ایس ایم ایز کو رسمی مالیاتی نظام سے فائدہ اٹھانے کے لیے بہتر طور پر تیار کیا جائے۔

بقیہ 06

پاکستان کی جانب سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو یہ اعزاز دیا گیا ہے۔ اعزاز دینے کی خصوصی تقریب ایوان صدر میں منعقد ہوئی، جس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی کابینہ کے ارکان، ارکان پارلیمنٹ اور سفارتی نمائندگان نے شرکت کی۔ اعزاز ملنے پر انتونیو گوتریس نے پاکستان کا گہرا تشکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اعلیٰ قومی اعزاز سے بے حد متاثر اور دل کی گہرائیوں سے مسرور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ اعزاز دنیا بھر میں خدمات انجام دینے والے اقوام متحدہ کے تمام اہلکاروں کی جانب سے قبول کرتے ہیں، جن میں پاکستان میں خدمات انجام دینے والے افراد بھی شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ ان کی مدت کار اختتام کے قریب ہے اور وہ بطور سیکرٹری جنرل پاکستان کا آخری دورہ کرنے کے لیے پرعزم تھے۔

بقیہ 07

شامل ہیں۔ صدر مملکت کی منظوری کے بعد مذکورہ معاملات میں آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق آئندہ کارروائی آگے بڑھائی جائے گی۔

بقیہ 08

استقامت 2026 کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے میں جاں بحق ہونے والے افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج پوری قوم عزم و استقلال کے ساتھ 21 واں قومی یوم استقامت منا رہی ہے اور 2005 کے ہولناک زلزلے کے متاثرین کو یاد کررہی ہے۔ قوم آج بھی اس سانحے میں اپنے پیاروں سے محروم ہونے والوں کو غمزدہ دلوں کے ساتھ یاد کرتی ہے، جبکہ اس مشکل گھڑی میں پاکستانی عوام کی جانب سے دکھائی جانے والی بہادری، ہمدردی، ایثار اور یکجہتی کو بھی خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے۔

بقیہ 09

ملاقات کے دوران پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان عالمی امن و سلامتی کے فروغ کے لیے تعاون، خطے کی مجموعی صورتحال اور علاقائی استحکام کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے جنوبی ایشیا میں امن و سلامتی سے متعلق اہم امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں جموں و کشمیر کے تنازع سمیت خطے میں جاری کشیدگی اور اس کے علاقائی امن پر اثرات بھی زیر بحث آئے۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھنے کے معاملے پر بھی گفتگو کی گئی، جبکہ پانی اور علاقائی استحکام سے متعلق معاملات کی اہمیت پر تبادلہ خیال ہوا۔ افغانستان سے پیدا ہونے والی دہشت گردی اور اس کے نتیجے میں خطے کو درپیش سکیورٹی چیلنجز بھی ملاقات کا اہم حصہ رہے۔ دونوں جانب سے علاقائی امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خاتمے اور موثر تعاون کی ضرورت پر گفتگو کی گئی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس موقع پر عالمی امن و سلامتی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشن میں طویل عرصے سے فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے عالمی امن کے قیام کے لیے پاکستانی اہلکاروں کی خدمات اور قربانیوں کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ 10

کوئی نئی بات نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان طویل عرصے سے جاری دفاعی تعلقات کا حصہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے مطابق مکہ معاہدے کے تحت بھی پاکستانی فوجی دستے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سعودی عرب میں تعینات پاکستانی دستے مختلف شعبوں اور دفاعی شعبوں سے وابستہ ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے واضح کیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کئی دہائیوں پر مشتمل ہے اور دونوں ممالک کے درمیان عسکری روابط مختلف سطحوں پر جاری رہے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق سعودی عرب میں پاکستانی دستوں کی موجودگی دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دفاعی تعاون اور باہمی روابط کا تسلسل ہے۔

بقیہ 11

س ملاقات کا وقت پہلے ہی طے تھا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ حکومتی امور کے حوالے سے حکومت کے دو سینئر ارکان بھی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کے لیے آئے۔ موجودہ سیاسی صورتحال اور مذاکراتی کوششوں کے تناظر میں ان ملاقاتوں کو اہم قرار دیا جارہا ہے۔ ایاز صادق نے کہا کہ مذاکرات کے حوالے سے امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، کیونکہ امید ہی سے دنیا قائم ہے۔ اللہ تعالیٰ نیک نیت لوگوں کے لیے راستے بناتے ہیں اور پاکستان کی بہتری کے لیے بھی راستے بنتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو تین برس کے دوران انہوں نے پاکستان کے لیے راستے بنتے ہوئے دیکھے ہیں اور ان کی کوشش ہے کہ ملک کے لیے جو بہتر ہو، وہی راستہ اختیار کیا جائے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے معاملے پر قومی اسمبلی کے ساتھیوں سے ٹیلی فون پر بھی رابطہ اور بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک کے وسیع تر مفاد اور پاکستان کی بہتری کو سامنے رکھتے ہوئے سیاسی معاملات کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ واضح رہے کہ حالیہ دنوں میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکراتی عمل میں سہولت کار کا کردار ادا کر رہے ہیں اور انہوں نے اختلافات کے حل کے لیے بات چیت جاری رکھنے پر زور دیا ہے۔

بقیہ 12

قیام اور اسے مزید فعال بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے تنظیمی ڈھانچے اور اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ وفد کے مطابق یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کا ڈھانچہ پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ کی طرز پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو پارلیمانی طریقہ کار، قانون سازی، بحث و مباحثے اور جمہوری اداروں کے کام سے عملی طور پر آگاہ کرنا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں فیصلہ سازی، جمہوری اقدار اور پارلیمانی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مستقبل میں ذمہ دار شہری اور مدبرانہ قیادت کا کردار ادا کر سکیں۔ گورنر نے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کو ہدایت کی کہ بلوچستان بھر میں اس پلیٹ فارم کو مزید فعال اور متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو صوبے کے مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے۔ انہوں نے نوجوانوں میں قیادت، تحقیق، مکالمے، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کے فروغ کیلئے ترجیحی پروگرام، مباحثے، موک سیشن اور مطالعاتی سرگرمیاں منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 13

سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ آٹو پالیسی نہ آنے کی وجہ سے آٹو سیکٹر میں غیر یقینی صورتحال ہے اور سرمایہ کار پریشانی کا شکار ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی کے حوالے سے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز میٹنگز ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آٹو سیکٹر کے حوالے سے تحفظات بہت زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مراعات کے باوجود آٹو سیکٹر برآمدات نہ کرسکی۔ ملک میں آٹو سیکٹر کو بہت زیادہ پروٹیکشن ملی ہے اور ان کا منافع بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے ان کا برآمدات کا رجحان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹو سیکٹر نے بجلی، ٹیکسوں اور خام مال کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے جو کہ درست ہے اور اسی وجہ سے پروڈکشن نہیں ہورہی ہے اور اگر خام مال کو درآمد کیا جائے تو قیمتیں بیرونی دنیا سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹو سیکٹر پر یہ بھی الزام ہے کہ انہوں نے لوکلائزیشن نہیں کی ہے تاہم اس حوالے سے کچھ برانڈز نے اچھا کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی کے حوالے سے وزیراعظم بہت محتاط ہے اور آٹو سیکٹر سے لوکلائزیشن اور گاڑیوں کی برآمد کے حوالے سے یقین دہانی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ٹیرف میں کمی کریں گے تو یہ یونٹس کی درآمد پر زیادہ توجہ دیں گے اسی وجہ سے حکومت اس پر سوچ رہی ہے۔

بقیہ 14

سکتا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ حکومت گورنر راج سمیت تمام آئینی اور قانونی آپشنز پر غور کر رہی ہے، تاہم حتمی فیصلہ حالات اور دستیاب راستوں کو دیکھ کر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت وفاقی دارالحکومت کے تحفظ کے لیے تمام آئینی اور قانونی اختیارات استعمال کرنے کا حق رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر دو تین ماہ بعد لشکر کشی کے ذریعے دارالحکومت پر حملے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اگر دارالحکومت پر حملہ کیا جائے گا تو حکومت کو اسلام آباد اور ملک کے تحفظ کے لیے اقدامات کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ معاملات سیاسی طریقے سے حل ہوں اور گورنر راج کے آپشن تک نوبت نہ پہنچے۔ وزیراعظم نے مذاکرات کی دعوت دی ہے اور اگر پی ٹی آئی بغیر کسی شرط کے مذاکرات کرے تو حکومت بات چیت کے لیے تیار ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ مذاکرات بھی مشروط نہیں ہوتے، مشکل مذاکرات اگر شرائط کے ساتھ شروع کیے جائیں تو پہلے ہی لمحے سے ناکامی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ملک اور تمام فریقین کے لیے قابل قبول سیاسی حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت اور طالبان کے درمیان روابط کے حوالے سے شواہد موجود ہیں۔ مذاکرات کی ناکامی میں اسلام آباد کی سیاست اور سیاسی ساکھ برقرار رکھنے کی کوششیں بھی بڑا فیکٹر رہی ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہزاروں پاکستانیوں کے خون میں ملوث قوت کے ساتھ سیاسی اتحاد اور تعاون قابل قبول نہیں۔ کسی قیدی شخص کی خوشی یا مرضی کے لیے پاکستان کا شیرازہ بکھیرنا بھی قابل قبول نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی وزارت اعلیٰ بچانے اور سیاسی نمبر ٹانکنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے پنجاب سے بڑی تعداد میں ارکان اسمبلی موجود ہیں، لیکن احتجاج میں ان میں سے کوئی نظر نہیں آ رہا۔

بقیہ 15

شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا لانگ مارچ اپنے مطالبات کے حصول تک جاری رہے گا اور حکومت کو عوامی آواز سننا ہوگی۔ کوہاٹ سے روانگی کے موقع پر یونیورسٹی چوک میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کوہاٹ کے عوام کے جوش و جذبے کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پختونخوا کے نوجوان کسی سے خوفزدہ نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو جیل سے باہر لانا اور انہیں دوبارہ وزیراعظم بنانا تحریک انصاف کا بنیادی مطالبہ ہے۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ کے مطالبات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اگر ان سات نکات میں سے کوئی ایک بھی مطالبہ غیر آئینی یا غیر قانونی ثابت ہو تو وہ مارچ منسوخ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ان کے مطابق عمران خان سے ملاقات، ان کے علاج اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق رہائی کے مطالبات آئین و قانون کے دائرے میں ہیں۔ وزیراعلیٰ نے الزام عائد کیا کہ عمران خان کی صحت کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے اور کہا کہ اگر انہیں کوئی نقصان پہنچا تو جیل انتظامیہ، وزیراعظم اور دیگر متعلقہ ذمہ داروں کو جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے عمران خان سے ملاقات کے لیے وزیراعظم، عدلیہ اور دیگر متعلقہ فورمز سے رجوع کیا، تاہم ان کے بقول شنوائی نہ ہونے کے بعد احتجاج کے سوا راستہ نہیں بچا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب آئینی اور قانونی ذرائع سے مسائل حل نہ ہوں تو آئین عوام کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ تحریک انصاف ہمیشہ مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے کی بات کرتی رہی ہے، تاہم پختونوں کے مفادات پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے موجودہ پالیسیوں کو ناکام قرار دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ صوبائی حکومت اپنی پالیسی کے ذریعے سو دن میں امن کے قیام کی کوشش کر سکتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے لانگ مارچ کے شرکاء پر زور دیا کہ وہ پرامن رہیں اور کہا کہ مارچ پہلے نیسپر اور اس کے بعد پشاور کی جانب بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب عوام کی بڑی تعداد اپنے مطالبات کے لیے سڑکوں پر نکلے گی تو حکمرانوں کو عوامی مطالبات کا جواب دینا ہوگا۔

بقیہ 16

سامنے آنے والی باتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ منتخب جمہوری حکومتوں کا خاتمہ اور آئینی عمل کو معطل کرنا کسی بھی صورت جمہوری اور آئینی طرز عمل نہیں۔ پارلیمانی اصولوں، عوامی نمائندگی اور آئینی تقاضوں کی خلاف ورزی قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حاکمیت کو ریاست کے استحکام اور ملک کی بقا کی بنیاد سمجھتی ہے۔ جمہوری عمل کو کمزور کرنے یا سیاسی مسائل کا حل غیر جمہوری اقدامات کے ذریعے تلاش کرنے کی ہر کوشش کو نیشنل پارٹی مسترد کرتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ سیاسی اور قومی مسائل کا حل طاقت یا غیر جمہوری اقدامات میں نہیں بلکہ بامقصد مذاکرات، سیاسی مکالمے اور جمہوری رویوں کے فروغ میں ہے۔ تمام سیاسی قوتوں کو چاہیے کہ وہ اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے بات چیت کا عمل جاری رکھیں تاکہ ملک میں سیاسی استحکام، آئین کی بالادستی اور جمہوری تسلسل کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 17

سیاسی عدم استحکام نے پالیسیوں کے تسلسل کو متاثر کیا، اٹھارویں ترمیم کا مقصد سماجی شعبوں میں بہتری لانا تھا، لیکن اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہ ہونے سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ''اڑان پاکستان'' کے تحت گیارہ قومی اقتصادی مشنز میں سے ساتویں مشن، انسانی وسائل اور مہارتوں کے فروغ کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ ہم نے کئی بار ترقی کے منصوبے بنائے، مگر سیاسی عدم استحکام نے پالیسیوں کے تسلسل کو متاثر کیا، پاکستان 2047 میں آزادی کی سو سالہ تکمیل پر کہاں کھڑا ہوگا، آج ہمارے سامنے یہ فیصلہ کن سوال ہے، ہمیں معرکہ حق کی طرح معرکہ ترقی بھی جیتنا ہے، پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پالیسیوں کا تسلسل اور سیاسی استحکام ناگزیر ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کا مقصد سماجی شعبوں میں بہتری لانا تھا، لیکن اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہ ہونے سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکے، اب صرف منصوبے بنانے کا وقت نہیں، منصوبوں پر موثر عمل درآمد یقینی بنانا ہوگا، ضلع کی سطح پر بااختیار محکمے قائم کرنا ہوں گے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں، ایک صوبائی سیکرٹری پورے صوبے کے مسائل موثر انداز میں حل نہیں کرسکتا، اختیارات کو مقامی حکومتوں تک منتقل کرنا ہوگا، عوام کو دہلیز پر سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامی اصلاحات لانی ہوں گی۔

بقیہ 18

کے مطابق شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 13 دہشت گرد ہلاک جبکہ مستونگ کے علاقوں سیاہ پشت اور کلی کشتری میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گرد مارے گئے۔ دونوں کارروائیوں کے بعد متعلقہ علاقوں میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام وژن کے تحت شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی کے بعد فیصلہ کن کارروائی کی، جس کے نتیجے میں 13 خوارج ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خلاف مزید کارروائیاں اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ دوسری جانب بلوچستان میں بھی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقوں سیاہ پشت اور کلی کشتری میں فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن کیا گیا، جس میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کی موجودگی کے پیش نظر کلیئرنس اور سرچ آپریشن شروع کر رکھا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان سے دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری شدت کے ساتھ جاری رہیں گی۔

بقیہ 19

کے دیگر شہروں تک اس سہولت کے دائرہ کار کو وسعت دینے کے مختلف ماڈلز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں آسان خدمت مراکز کے قیام کے لیے ٹینڈرنگ کا عمل شروع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا کہ وفاقی حکومت دونوں علاقوں میں آسان خدمت مراکز کے قیام کے لیے ضروری فنڈز فراہم کرے گی۔ اجلاس میں شریک چیف سیکریٹریز نے مراکز کے قیام کے لیے ٹینڈرنگ کا عمل شروع کرنے پر اتفاق کیا۔ احد چیمہ نے وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق مراکز کے قیام کا کام تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو سرکاری خدمات ایک ہی جگہ پر آسان اور بہتر انداز میں فراہم کرنے کے لیے منصوبے پر موثر پیش رفت ضروری ہے۔ اجلاس میں دیگر شہروں میں آسان خدمت مراکز کے قیام اور توسیع کے لیے سرکاری، ہائبرڈ اور نجی ماڈلز کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہائبرڈ ماڈل کے تحت حکومت ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ نجی ادارہ مرکز کے انتظامی امور چلائے گا۔ بریفنگ کے مطابق نجی ماڈل میں حکومت متعلقہ ادارے کو لائسنس فراہم کرے گی جبکہ نجی ادارہ مرکز کے لیے عمارت سمیت دیگر انتظامات خود کرے گا۔ وفاقی وزیر نے مختلف ماڈلز کی فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرکے قابل عمل تجاویز وزیراعظم کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت کی۔ احد چیمہ نے کہا کہ نادرا اور دیگر خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو بھی آسان خدمت مراکز کے اخراجات میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نجی ماڈل کی صورت میں آمدن کی مناسب تقسیم اور شہریوں کو اضافی مالی بوجھ سے محفوظ رکھنے کے لیے موثر طریقہ کار وضع کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ آسان خدمت مراکز کے اخراجات شہریوں پر منتقل نہیں ہونے چاہئیں اور عوام کو خدمات کی فراہمی کے دوران اضافی مالی بوجھ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ 20

پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے اور پاکستان و بیلاروس کے درمیان موجودہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر نے علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی اہم پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا اور موجودہ چیلنجز کے تناظر میں باہمی تعاون کی اہمیت پر گفتگو کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ اور موجودہ چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے اس کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے اور دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ باہمی دلچسپی کے معاملات پر رابطوں اور تعاون کو جاری رکھتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جائے۔

بقیہ 21

ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی [illegible] کالج کے پرنسپل پروفیسر شبیر احمد بڑیچ تھے، جبکہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج زیارت کی پرنسپل سمیت کالج کی معزز اساتذہ اور طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران طالبات نے اپنی اساتذہ سے محبت، عقیدت اور احترام کے اظہار کے لیے مختلف پروگرامز پیش کیے۔ اس موقع پر اردو اور انگریزی تقاریر کا بھی اہتمام کیا گیا، جن میں طالبات نے بھرپور انداز میں حصہ لیتے ہوئے اپنی اساتذہ کی محنت، رہنمائی، کردار سازی اور تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ٹیچرز ڈے کی مناسبت سے طالبات نے اپنی اساتذہ کو تحائف بھی پیش کیے، جس پر اساتذہ نے طالبات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کے محبت بھرے جذبات کو سراہا۔ اس موقع پر ٹیچرز ڈے کے خصوصی کیک کی بھی رونمائی کی گئی، جس پر ''Happy DayTeachers'' درج تھا۔ اساتذہ اور طالبات نے مل کر کیک کاٹا۔ تقریب سے پروفیسر عبدالحمید، پروفیسر عجب خان، مہمان خصوصی پروفیسر شبیر احمد بڑیچ، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج زیارت پروفیسر نقیب کاکڑ اور دیگر معزز اساتذہ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین نے اساتذہ کے عظیم مقام، طالبات کی تربیت و کردار سازی میں ان کے کردار اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں استاد کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے تمام طالبات کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنی اساتذہ کے لیے محبت، احترام اور خلوص کا اظہار کیا۔ پروگرام کے آخری مرحلے میں اردو تقریری مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر طالبات کی محنت، قابلیت اور بہترین کارکردگی کو سراہا گیا اور انہیں حوصلہ افزائی کے طور پر انعامات پیش کیے گئے۔ اس کے علاوہ معزز اساتذہ کی خدمات اور بھرپور شرکت کے اعتراف میں سوونیئرز اور شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔ پرنسپل کی جانب سے طالبات کے لیے چائے پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا، جس پر طالبات نے کالج انتظامیہ اور تمام اساتذہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ یہ خوبصورت نشست استاد اور شاگرد کے درمیان محبت، احترام اور باہمی تعلق کی ایک بہترین مثال بن گئی۔

بقیہ 22

ی نوٹس لینے اور معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سید بقا محمد شاہ کے مطابق ان کی مذکورہ اراضی پر بعض افراد مبینہ طور پر قبضہ کرنے اور ملکیتی حق ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ زمین کی ملکیت سے متعلق ضروری دستاویزات اور شواہد متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے جا چکے ہیں، تاہم تاحال مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ انہوں نے بتایا کہ معاملے کے حل کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار افراد سے رابطے کے علاوہ مقامی سطح پر جرگے اور دیگر ذرائع سے بھی کوششیں کی گئیں، تاہم کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آیا۔ سید بقا محمد شاہ نے مطالبہ کیا کہ زمین کی مکمل چھان بین کر کے اصل حقائق سامنے لائے جائیں اور تمام فریقین کا موقف سننے کے بعد قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر اراضی ان کی ملکیت ثابت ہوتی ہے تو انہیں قانونی طور پر قبضہ واپس دلایا جائے اور غیر قانونی مداخلت کا راستہ روکا جائے۔

بقیہ 23

امر اور میونسپل مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن ڈاکٹر عمران زیب نے بروری روڈ پر غیر قانونی تجاوزات کے خلاف مشترکہ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران بروری روڈ پر سڑک اور فٹ پاتھ پر قائم تجاوزات کو ہٹا دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر اور میونسپل مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن ڈاکٹر عمران زیب نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ سڑک اور فٹ پاتھ پر دوبارہ کسی قسم کی تجاوزات قائم نہ کی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں سامان ضبط کرنے کے ساتھ گرفتاری اور دکانوں کو سیل کرنے سمیت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انتظامیہ کے مطابق یہ کارروائی عوامی شکایات اور غیر قانونی تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے پیش نظر کی گئی۔ دکانداروں کو تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت اور سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ بروری روڈ پر تجاوزات کے خلاف مزید کارروائی آئندہ بھی جاری رہے گی۔

بقیہ 24

ملاقات کے دوران پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان عالمی امن و سلامتی کے فروغ کے لیے تعاون، خطے کی مجموعی صورتحال اور علاقائی استحکام کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے جنوبی ایشیا میں امن و سلامتی سے متعلق اہم امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 25

تک کی نئی توانائی گاڑیوں کو ٹیکس چھوٹ دینے کی تجویز پیش کی گئی۔ ذرائع کے مطابق نئی توانائی گاڑیوں کو ایف ای ڈی، سی وی ٹی اور ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کی تجویز ہے۔ حکام کے مطابق 75 ہزار ڈالر تک کی الیکٹرک گاڑیاں ٹیکس چھوٹ کے دائرے میں لانے کی تجویز ہے، پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں کو بھی ٹیکس چھوٹ دینے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ الیکٹرک اور پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں کے لیے ٹیکس میں ریلیف کی تجویز ہے۔ نئی پالیسی کا مقصد آٹو ماحول دوست گاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف جائزہ مشن پالیسی کیلئے تجاویز بارے حتمی فیصلے سے آگاہ کرے گا، معاشی ٹیم اور جائزہ مشن کے درمیان اقتصادی اہداف بارے بھی حتمی بات چیت ہوئی، ایف بی آر محصولات کے اہداف اور اصلاحاتی عمل بارے یقین دہانی کروادی گئی، جائزہ مشن کو پیٹرولیم اور پاور سیکٹر بارے بھی حتمی تجاویز پیش کی گئیں، آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات آج شام تک مکمل ہونے کا شیڈول طے ہے۔ حکام خزانہ ڈویژن کے مطابق اہداف اصلاحات اور شرائط پر اتفاق کی صورت میں مذاکرات مکمل ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 26

مت مسئلے کا حل چاہتی ہے تو عمران خان سے ملاقات کرانا ہوگی، عمران خان سے ملاقات کے بغیر مذاکرات نہیں ہوسکتے۔ ژوب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام شہداء سات اور گیارہ اکتوبر کی برسی کی مناسبت سے منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے نواب ایاز جوگیزئی عبد الرحیم زیارتوال طالع مندخان قطب الدین شیرانی اور جمال مندوخیل نے بھی خطاب کیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات کے بعد مذاکرات ختم نہیں ہوں گے بلکہ مسائل کے حل تک مذاکرات کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ضمانت دیتے ہیں کہ عمران خان سے ملاقات کے بعد تمام مسائل کے حل تک مذاکرات جاری رکھے جائیں گے۔ عمران خان جو کہیں گے، ہم وہی بات آگے پہنچائیں گے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان کو توڑنے کی کوشش کی گئی، مگر وہ نہیں ٹوٹے، عمران خان کو توڑنے کی کوشش ایک مجرمانہ فعل ہے جو ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ اگر شہباز شریف اور اسٹیبلشمنٹ مسئلے کا حل چاہتے ہیں تو عمران خان سے ملاقات ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اپنے بنیادی حقوق کے لیے متحد ہونا ہوگا۔

بقیہ 27

جانے کے رجحان کی روک تھام کے لیے مشترکہ طور پر سخت اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے پر اتفاق کیا گیا اور ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستان کے مثبت کردار پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے خطے میں کشیدگی میں کمی کے لئے سفارتی کوششیں جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں مشترکہ ورکنگ گروپ کی 90 روزہ پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں افغانستان کے ساتھ سرحدی صورتحال کے تناظر میں بھی بات چیت کی گئی۔ محسن نقوی نے کہا کہ جعلی سٹوڈنٹ ویزوں کے ذریعے بیرون ملک جانے والے پاکستانی طلبہ کے معاملے میں سخت جانچ پڑتال ضروری ہے، اینٹی نارکوٹکس فورس نے برطانیہ سمگل کی جانے والی 55 میٹرک ٹن منشیات ضبط کیں۔ برطانوی وزیر سٹیفن ڈوٹی نے پاکستان میں آن لائن فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیوں کی تعریف کی۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ، قونصلر سکیورٹی الاسڈیر گرانٹ اور سیکرٹری میتھیو میک ماہون بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 28

ریکٹر جنرل کے دورہ گڈانی کے موقع پر بی ڈی اے کمپلیکس گڈانی میں شپ ری سائیکلنگ پروجیکٹ سے متعلق تقریب منعقد ہوئی تقریب سے وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے 12 ملین کی لاگت سے شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن پراجیکٹ پر کام جاری ہے ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے آج کی یہ تقریب ہمارے لیے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے پاکستان اور آئی ایل او کے مابین گڈانی شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کے لئے معاہدے پر دستخط کے بعد شپ ری سائیکلرز کی جانب سے HKC کمپلائنس سرٹیفکیشن کے لیے پاکستان کی پانچ کمپنیز کو سرٹیفکیشن کا اجرا ایک نئے دور کے آغاز کی علامت ہے یہ صرف ایک کامیابی نہیں بلکہ ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز کے عزم کی عکاسی کرتا ہے یک ایسے عزم کی جو محفوظ، ماحول دوست اور بین الاقوامی معیار کی شپ ری سائیکلنگ کے راستے کی طرف پہلا قدم ہے بلوچستان حکومت پاکستان شپ بریکرز ایسوسی ایشن اور بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی سمیت تمام۔ متعلقہ حکام نے اس کامیابی کی منزل کو حاصل کرنے کیلئے کوششیں کی ہیں مزید سترہ شپ بریکنگ انڈسٹریز کی کمپنیاں سرٹیفکیشن حصول کیلئے کوشاں ہیں انہوں نے وفاقی حکومت کے عزم کو دہرایا کہ اس سیکٹر کی ترقی کیلئے حکومت ہر سطح پر تعاون اور کوششیں جاری رکھے گی تقریب سے صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی و ایڈیشنل سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ ری سائیکلنگ اور گرین یارڈ کیجانب ہم بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 29

ور بیلاروس کے درمیان دفاعی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خطے میں امن و استحکام کو درپیش سکیورٹی چیلنجز اور بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان دفاعی روابط کو مزید وسعت دینے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی و سیکیورٹی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے باہمی روابط اور تعاون کو دونوں ممالک کے مفاد میں مزید آگے بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ بیلاروس کے اعلیٰ عہدیدار لیفٹیننٹ جنرل الیگزینڈر وولفوچ نے دفاعی اور سیکیورٹی شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق بیلاروس کے اسٹیٹ سیکرٹری نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کی کوششوں کی تعریف کی۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دفاعی و سیکیورٹی تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے باہمی رابطوں اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 30

ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی، ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی میر بہادر خان منگلزئی، محکمہ تعلیم کے افسران، مختلف کالجز کے پرنسپلز، سرکاری تعلیمی اداروں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریسز، معززین اور بڑی تعداد میں طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سیشن کا بنیادی مقصد طلباء و طالبات کو BEEF اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار، اہلیت کے معیار اور دستیاب تعلیمی مواقع سے آگاہ کرنا تھا، تاکہ مالی مشکلات کے باوجود باصلاحیت طلباء اپنی اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی اور ان کی آن لائن کوئٹہ ٹیم نے ویڈیو لنک کے ذریعے سیشن کے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔ شرکاء کو گزشتہ دس سال کے دوران BEEF اسکالرشپس سے مستفید ہونے والے طلباء و طالبات، ضلع کے ٹاپرز اور مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔ BEEF ٹیم نے طلباء و طالبات کو بتایا کہ اسکالرشپ کے لیے درخواست دیتے وقت اہلیت کے معیار، تعلیمی کارکردگی، مقررہ شرائط اور آن لائن درخواست کے طریقہ کار کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اقلیتی طلباء اور خصوصی افراد کے لیے مختص اسکالرشپ کوٹے سمیت مختلف سہولیات اور مواقع کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) صوبے کے مستحق، باصلاحیت اور مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے طلباء و طالبات کو تعلیمی معاونت فراہم کرنے کا ایک اہم پروگرام ہے، جس کا مقصد قابل طلباء کو مالی رکاوٹوں کے باعث اعلیٰ تعلیم سے محروم ہونے سے بچانا اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ BEEF کے ذریعے مختلف تعلیمی سطحوں پر اہل طلباء و طالبات کو اسکالرشپ کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ طلباء کے لیے ضروری ہے کہ وہ متعلقہ اسکالرشپ کی اہلیت، آخری تاریخ، مطلوبہ دستاویزات اور درخواست جمع کرانے کے طریقہ کار کو پہلے سے سمجھیں اور مقررہ وقت کے اندر درخواست جمع کرائیں۔ ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد اور معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہے۔ حکومت بلوچستان مستحق اور باصلاحیت طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ BEEF اسکالرشپ ان طلباء و طالبات کے لیے ایک اہم موقع ہے جو صلاحیت اور محنت رکھتے ہیں لیکن مالی مشکلات ان کی تعلیمی پیش رفت میں رکاوٹ بن رہی ہیں۔ طلباء کو چاہیے کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اسکالرشپ کے لیے مقررہ شرائط کو سمجھتے ہوئے بروقت درخواستیں جمع کرائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اداروں میں BEEF اسکالرشپس کے حوالے سے بھرپور آگاہی پیدا کریں اور طلباء و طالبات کو درخواست جمع کرانے کے عمل میں رہنمائی فراہم کریں، تاکہ کوئی بھی اہل اور مستحق طالب علم معلومات کی کمی کے باعث اس موقع سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سیوی کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، انہیں مناسب تعلیمی مواقع، رہنمائی اور معاونت فراہم کر کے مستقبل کا قیمتی اثاثہ بنایا جا سکتا ہے۔ باصلاحیت طلباء و طالبات نہ صرف اپنے خاندان بلکہ صوبے اور ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 31

سلامتی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اسحاق ڈار اور جنرل سید عامر رضا نے علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کے قومی مفادات کے فروغ اور علاقائی امن و سلامتی میں کردار ادا کرنے کے لیے قریبی ادارہ جاتی رابطہ کاری کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 32

پہنچائی جا سکے۔ وزیرخزانہ کی زیر صدارت وزارت خزانہ میں رسائی مالیات سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس منعقد ہوا، جس میں ترجیحی شعبوں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنے کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیرخزانہ نے ہدایت کی کہ اب کمیٹی کی توجہ محض پالیسی سازی کے بجائے عملی اقدامات، قابل پیمائش نتائج اور آئندہ کے واضح لائحہ عمل پر مرکوز ہونی چاہیے۔ انہوں نے ذیلی کمیٹیوں کے فیصلوں اور سفارشات پر باقاعدگی سے پیش رفت کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے مالی معاونت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جون 2026 میں ایس ایم ای فنانس کا حجم ایک کھرب 11 ارب 40 کروڑ روپے کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے اختتام تک 23 ارب روپے اضافے کے بعد ایک کھرب 13 ارب 70 کروڑ روپے سے تجاوز کر گیا۔ اسی عرصے میں قرض حاصل کرنے والے افراد کی تعداد بھی 25 ہزار سے زائد اضافے کے بعد تقریباً 3 لاکھ 50 ہزار 862 تک پہنچ گئی۔ وزیرخزانہ نے ایس ایم ای فنانس میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جون 2028 تک ایس ایم ای فنانس کو 2 کھرب روپے اور قرض لینے والوں کی تعداد 7 لاکھ 75 ہزار تک بڑھانے کے حکومتی ہدف کے حصول کے لیے مربوط کوششیں ضروری ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اس مقصد کے لیے کمرشل بینکوں، مائیکروفنانس اداروں اور دیگر مالیاتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مائیکروفنانس اداروں کو مساوی مواقع فراہم کرنے اور چھوٹے کاروباروں تک مالی سہولتوں کی رسائی بڑھانے کے لیے موثر حکومتی معاونت اور مناسب مالیاتی طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی۔ کمیٹی نے چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کی قرض حاصل کرنے کی صلاحیت اور انتظامی استعداد بہتر بنانے کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ وزیرخزانہ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ اسٹیٹ بینک، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور مالیاتی اداروں کی جاری کوششوں کو یکجا کرکے ایک واضح عملی منصوبہ تیار کیا جائے۔ اجلاس میں زرعی شعبے کی قدر کی زنجیر سے وابستہ مختلف شعبوں، بالخصوص مویشی پالنے، ماہی گیری اور دیگر کم سہولت یافتہ شعبوں کے لیے مالی معاونت مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی غور کیا گیا۔ وزیرخزانہ نے مویشی پالنے کے شعبے کی وسیع معاشی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ نجی شعبے کی زیادہ شمولیت اور خطرات کو کم کرنے کے موثر انتظامات کے ذریعے اس شعبے کے لیے مالی معاونت بڑھانے کے امکانات تلاش کیے جائیں۔ کمیٹی نے شعبے کی بہتری کے لیے مجوزہ مالیاتی ڈھانچے کا بھی جائزہ لیا، جس میں موجودہ ادارہ جاتی انتظامات کو نئے مقاصد کے لیے بہتر انداز میں استعمال کرنے اور ممکنہ تنظیم نو کے پہلو شامل تھے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ہاؤسنگ فنانس بھی نمایاں طور پر بڑھ رہا ہے۔ جون 2026 میں 323 ارب روپے کے مقابلے میں ستمبر کے اختتام تک ہاؤسنگ فنانس 103 ارب روپے اضافے کے بعد 426 ارب روپے تک پہنچ گیا، جبکہ قرض لینے والوں کی تعداد 2 لاکھ 31 ہزار 550 ہوگئی۔ وزیراعظم کے اپنا گھر پروگرام کے تحت 13 ہزار 214 قرض لینے والوں کو 76 ارب روپے فراہم کیے جا چکے ہیں، جبکہ 350 ارب روپے کے منظور شدہ قرضوں کی رقم کی ادائیگی ہونا باقی ہے۔ کمیٹی نے گھر خریدنے والوں کے علاوہ تعمیراتی منصوبوں، ڈویلپرز اور تعمیراتی کمپنیوں کے لیے بھی مالی سہولتیں بہتر بنانے پر غور کیا۔

بقیہ 01

ProMetriX متعارف کرایا ہے۔ یہ جدید نظام ملازمت کے اشتہار سے لے کر امیدوار کی حتمی تقرری تک بھرتی کے پورے عمل کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی مداخلت، صوابدیدی اختیارات، اقربا پروری، پرچوں کے افشا ہونے اور امیدواروں کے انتخاب سے متعلق شکوک وشبہات کے خاتمے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ ProMetriX کے تحت امیدوار پی پی ایچ آئی کے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں جمع کراتے ہیں، جس کے بعد نظام خودکار طور پر محفوظ کیو آر کوڈ پر مشتمل ایڈمیشن سلپ جاری کرتا ہے۔ شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کی شناخت اور اسناد کی تصدیق نادرا کے ذریعے کی جاتی ہے، جبکہ تمام امیدواروں کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نظام کی ایک اہم خصوصیت روایتی پینل انٹرویو کے طریقہ کار کی جگہ معیاری سوالات پر مشتمل ویڈیو جوابات کا استعمال ہے، جن کا جائزہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار کے ذریعے امیدواروں کی جانچ میں انسانی جانبداری اور غیر ضروری مداخلت کے امکانات کو کم کیا گیا ہے۔ پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے اس جدید نظام کے تحت بڑے پیمانے پر بھرتی کا عمل بھی کامیابی سے مکمل کیا گیا، جس میں لیڈی میڈیکل آفیسرز، گائناکالوجسٹس، ماہرین اطفال، متعدی امراض، امراض قلب، امراض جلد، نفسیات اور پلمونری امراض کے ماہرین سمیت مختلف شعبوں کی 652 آسامیوں پر بھرتیاں کی گئیں۔ ProMetriX کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ ٹیسٹ مکمل ہوتے ہی نتائج خودکار طور پر مرتب ہوتے ہیں اور میرٹ لسٹ فوری طور پر تیار کی جاتی ہے۔ اسی طرح اجلاس کی کارروائی بھی خودکار طریقے سے مرتب ہونے کے بعد کامیاب امیدواروں کو تقرری کے خطوط جاری کیے جاسکتے ہیں، جس سے روایتی دفتری تاخیر اور غیر ضروری بیوروکریٹک مراحل میں نمایاں کمی آتی ہے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل گورننس اور میرٹ پر مبنی بھرتی کے نظام کو فروغ دینے کا مقصد سرکاری اداروں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ ProMetriX جیسے جدید نظام کو مستقبل میں دیگر سرکاری محکموں اور اداروں تک وسعت دے کر بھرتی کے عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور قابل اعتماد بنایا جاسکتا ہے۔ بلوچستان میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال صوبے میں جدید طرز حکمرانی اور انتظامی اصلاحات کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو نہ صرف بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو تقویت دے سکتا ہے بلکہ مستقبل میں پاکستان کے دیگر صوبوں کے لیے بھی ایک قابل تقلید ماڈل ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 02

کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس کے بعد سردیوں کا موسم آنے والا ہے اور سوئی گیس سردیوں کے ایام میں صارفین کیلئے ایندھن کا کام انجام دیتا ہے اگر سردیوں میں بھی یہی صورتحال رہی تو سرد علاقوں کے ضعیف، بیمار، عورتیں، بچے اور بوڑھے لوگوں کے سخت مسائل پیدا ہونے کے خدشات ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ جعلی حکومت اور بوگس مسلط نمایندوں سے کسی خیر اور اچھے کام کی توقع نہیں نہ ہی انھوں نے گذشتہ دو سالوں کے سردیوں کے دوران عوام کیلئے اچھا اقدام کیا بلکہ انھوں نے تجارتی بنیادوں کی اسکیمات بنا کر اپنے لگائے ہوئے سرمائے کو پورہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ این ڈی پی عوام اور کوئٹہ کے چہریوں کو کسی صورت اس بےرحم مسلط جعلی حکومت کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑے گی پارٹی عوامی حقوق کے حصول کے لئے پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 03

حافظ عبدالغنی شہزاد اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے جماعتی موقف اور سرگرمیوں کو ذرائع ابلاغ تک مؤثر انداز میں پہنچانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر ذرائع ابلاغ سے وابستہ تمام اداروں اور صحافی برادری سے گزارش کی گئی ہے کہ مذکورہ تقرری کو مدنظر رکھتے ہوئے حافظ عبدالغنی شہزاد کے ساتھ بھرپور تعاون فرمائیں۔

بقیہ 04

درپیش مسائل، شیڈنگ سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ حکام کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ مہم میں ان کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے زیرو ڈوز بچوں تک رسائی، ٹیموں کی کارکردگی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے درمیان مربوط رابطہ کاری اور مشترکہ کاوشوں کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 05

ل عیثانی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول عیثانی اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گذائی رکھنی کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران طویل عرصے سے غیر حاضر اور فرائض میں غفلت برتنے والے ٹیچنگ و نان ٹیچنگ اسٹاف کے خلاف موقع پر ہی معطلی کے احکامات اور توضیحی نوٹس جاری کیے گئے۔ بعد ازاں ڈاکٹر سلیم زرکون نے ایڈیشنل کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار سے ملاقات کی، جس میں ضلع کوہلو کے تعلیمی شعبے سے متعلق اہم مسائل اور شکایات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بالخصوص کنٹریکٹ اساتذہ کی مبینہ جعلی اسناد کے معاملے سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں میں حاضری، نظم وضبط اور معیار تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ غفلت اور غیر حاضری کے مرتکب ملازمین کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 06

مسلسل بحرانوں سے شدید پریشان ہو کر ایک نئے اور عادلانہ نظام کی تلاش میں ہے۔ اس وقت ملک کو تمام درپیش چیلنجز سے نکالنے کا واحد حل اسلام کے عادلانہ نظام کے فوری اور مکمل نفاذ میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 75 سال سے قوم کو بےرحم اور کرپٹ نظام کے سپرد کر دیا گیا ہے، جس کی بدولت آج ملک وقوم کو ہولناک معاشی تباہی اور گہرے بحرانوں کا سامنا ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی ڈکٹیشن پر مسلسل قوم کا استحصال کیا جا رہا ہے جس سے ملک سنگین ترین اقتصادی مسائل کی دلدل میں دھنس چکا ہے۔ اس جابرانہ اور ظالمانہ نظام کے فیصلوں کے نتیجے میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور بالخصوص عام عوام سراپا احتجاج ہیں، جس کے باعث ملک کے مستقبل پر گہرے بحران کے بادل چھائے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ملک میں ایک مضبوط، مستحکم اور بااصول نظام قائم نہیں ہوگا، تب تک نہ تو سیاسی استحکام آسکتا ہے اور نہ ہی ملک وقوم کو ان دائرہ نما بحرانوں سے نجات مل سکتی ہے۔ موجودہ استحصالی نظام اور جبر واستبداد کے خاتمے کے لیے ایک منظم اور مسلسل جدوجہد وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلامی نظام ہی دراصل انسانیت کی اجتماعیت اور فلاح کی حقیقی اساس ہے۔ جس معاشرے اور ریاست میں قرآن وسنت کی بالادستی ہو اور صرف قرآن وسنت کا قانون ہی نافذ العمل ہو، وہاں عدل وانصاف کا بول بالا ہونا یقینی ہے۔ اسلامی نظام عدل کی افادیت، قانون فطرت سے مطابقت اور دنیا میں امن وسلامتی پیدا کرنے کی بے مثال صلاحیت کا اعتراف آج غیر مسلم ومعترض قوتیں بھی کرنے پر مجبور ہیں۔ اسلام کا نفاذ ہی تمام انسانیت کی فلاح، بقا اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی واحد ضمانت ہے۔

بقیہ 07

کہا ہے کہ مستونگ شہر میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تنخواہ دار ملازمین پنشنرز تاجروں اور بالخصوص بزرگ ومعذور افراد کو اپنی ہی جمع پونجی تک رسائی کے لیے کوئٹہ کا رخ کرنا پڑ رہا ہے۔ جس سے نہ صرف انہیں اضافی سفری اخراجات برداشت کرنا پڑ رہا ہے بلکہ ذہنی اور جسمانی اذیت کا بھی سامنا ہے۔

بقیہ 08

سے تعلق رکھنے والی مستحق خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی رکی ہوئی مالی امداد مل گئی۔ غریب پرور اور فوری انصاف کی فراہمی کے ادارے کے طور پر وفاقی محتسب نے ایک بار پھر اپنی شاندار کارکردگی اور کامیابی کا لوہا منوا لیا۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے بھلونک کی رہائشی محترمہ جنت خاتون نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ریجنل آفس خضدار میں ایک باقاعدہ شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی حقدار ہیں، لیکن متعلقہ محکمے کی جانب سے انہیں ان کا وظیفہ ادا نہیں کیا جا رہا تھا۔ بار بار چکر لگانے اور التجا کے باوجود شنوائی نہ ہونے پر انہوں نے وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ ایک غریب اور لاچار خاتون کی شکایت پر وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار نے فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے متعلقہ حکام سے طلب کیا اور معاملے کی تیز ترین انکوائری شروع کی۔ وفاقی محتسب کی سخت ہدایت اور مؤثر پیروی کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے فوری حرکت میں آتے ہوئے درخواست گزار کے رکے ہوئے فنڈز جاری کر دیے اور خاتون کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے بطور مالی معاونت منتقل کر دیے۔ اپنا رکا ہوا وظیفہ موصول ہونے پر محترمہ جنت خاتون نے انتہائی اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب اور ریجنل آفس خضدار کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب غریبوں، بے کسوں اور لاچاروں کے لیے ایک سچا سائبان ہے، جہاں بغیر کسی فیس، وکیل یا سفارش کے عام آدمی کو فوری اور سستا انصاف فراہم کیا جاتا ہے۔ درخواست گزار خاتون کی جانب سے رقم وصولی کی تصدیق اور مکمل دادرسی ہونے پر وفاقی محتسب دفتر کی جانب سے اس شکایت کو باقاعدہ طور پر نمٹا (Disposed off) دیا گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے وفاقی محتسب کی اس کامیاب کارروائی کو بے حد سراہا ہے اور اسے ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کی بحالی کا ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔

بقیہ 09

ت چیت کی۔ ملاقات کے دوران سنی ڈیم، خاصور ڈیم اور سانتیال ڈیم سمیت دیگر جاری آبپاشی منصوبوں کے تعمیراتی کام، موجودہ صورتحال اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے متعلقہ حکام سے منصوبوں کی تکمیل، کام کی رفتار اور درپیش مسائل کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر آبپاشی اسکیموں کو بروقت مکمل کرنے، تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھنے اور علاقے کے عوام کو بہتر آبپاشی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایکسین اریگیشن اعظم کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں کی پیش رفت اور مختلف اسکیموں سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی کاموں کی مؤثر نگرانی کرتے ہوئے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 10

(Teaching Practice) فراہم کرنے کے حوالے سے اہم مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر باقاعدہ دستخط کر دیے گئے معاہدے پر یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لورالائی بختیار احمد خان کاکڑ نے دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرپرسن شعبہ ایجوکیشن ڈاکٹر شاہجی احمد اور یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر خالد خان بطور گواہ موجود تھے۔ مفاہمت کی یادداشت کے تحت شعبہ ایجوکیشن کے طلبا وطالبات کو ضلع لورالائی کے مختلف سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، جس کا مقصد طلبا کو اپنے نظریاتی علم کو عملی تدریسی ماحول میں بروئے کار لانے، کلاس روم مینجمنٹ، تدریسی طریقہ کار اور طلبا کی تعلیمی ضروریات کو سمجھنے میں عملی تجربہ فراہم کرنا ہے معاہدے کے مطابق یونیورسٹی آف لورالائی طلبا وطالبات کی فہرست ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کو فراہم کرے گی، جبکہ طلبا کی رہنمائی اور نگرانی کے لیے فیکلٹی سپروائزرز نامزد کیے جائیں گے۔ یونیورسٹی طلبا کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور مجموعی کارکردگی کی بھی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کرے گی۔ دوسری جانب ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس اور متعلقہ سرکاری اسکول طلبا کو مناسب تعلیمی اداروں میں عملی تربیت کے لیے تعینات کرنے، حاضری کا ریکارڈ برقرار رکھنے اور یونیورسٹی کے فیکلٹی سپروائزرز کے ساتھ ضروری تعاون کو یقینی بنائیں گے معاہدے میں بالخصوص طالبات کے لیے اسکولوں میں محفوظ، باوقار اور سازگار تعلیمی وتربیتی ماحول کی فراہمی پر بھی خصوصی زور دیا گیا ہے تاکہ وہ بلا خوف وخطر اپنی عملی تدریسی تربیت مکمل کر سکیں مذکورہ معاہدہ دستخط کی تاریخ سے تین سال تک نافذ العمل رہے گا، جس میں فریقین کی باہمی رضامندی سے توسیع بھی کی جاسکے گی اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بختیار احمد خان کاکڑ نے کہا کہ یہ معاہدہ مستقبل کے اساتذہ کو معیاری عملی تربیت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر تدریس کے لیے صرف نظریاتی علم کافی نہیں بلکہ عملی تربیت اور حقیقی کلاس روم کے تجربے کی بھی اشد ضرورت ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یونیورسٹی اور محکمہ تعلیم کے درمیان یہ تعاون طلباو طالبات کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے، تدریسی معیار کی بہتری اور ضلع لورالائی میں تعلیم کے مجموعی معیار کو مزید بلند کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 11

ماہ سے باقاعدہ تدریسی سرگرمیاں متاثر ہیں جس کے باعث طلبہ کا تعلیمی مستقبل شدید متاثر ہو رہا ہے۔ سب کیمپس کی تعلیمی صورتحال کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے متعلقہ حکام کو خط بھی لکھا جا چکا ہے تاہم اس کے باوجود تاحال تمام شعبہ جات میں باقاعدہ کلاسز مکمل طور پر بحال نہیں ہو سکیں جو طلبہ کے لیے انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ مستونگ اسٹوڈنٹس فورم کا کہنا ہے کہ ایک جانب طلبہ کو باقاعدہ لیکچرز، اسائنمنٹس، لیب اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں سے محرومی کا سامنا ہے جبکہ دوسری جانب امتحانات کی تیاری کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں۔ فورم کے مطابق کلاسز کے بغیر امتحانات لینا طلبہ کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ خصوصاً فارمیسی ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کے حوالے سے فورم نے کہا کہ فارمیسی ایک ایسا شعبہ ہے جس میں نظریاتی تعلیم کے ساتھ لیبارٹری اور عملی تربیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اگر طلبہ کو مناسب پریکٹیکل اور لیب ورک فراہم کیے بغیر امتحانات کی جانب دھکیلا گیا تو اس کے اثرات ان کی پیشہ ورانہ تعلیم پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ فورم نے اساتذہ کی غیر حاضری اور مختلف نوعیت کی رخصتوں سے متعلق سامنے آنے والی شکایات کا بھی نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ان معاملات کی شفاف اور غیر جانبدار انتظامی جانچ پڑتال کی جائے اور اگر کسی بے ضابطگی کی تصدیق ہو تو قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے۔ مستونگ اسٹوڈنٹس فورم نے مطالبہ کیا کہ ڈی سی مستونگ کے خط اور طلبہ کے مسلسل مطالبات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے تمام شعبہ جات میں فوری طور پر باقاعدہ کلاسز، لیکچرز، لیب، پریکٹیکل اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں بحال کی جائیں۔ فورم نے واضح کیا کہ طلبہ اپنے جائز تعلیمی حقوق کے لیے پرامن اور آئینی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اگر مطالبات پر فوری پیش رفت نہ ہوئی تو طلبہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ 12

حوالے سے ایس ڈی آئی پروگرام، بالخصوص سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ٹیکس قوانین کے مؤثر نفاذ، متعلقہ اداروں کو رہنمائی فراہم کرنے اور ٹیکس سے متعلق امور کو واضح کرنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 13

ریونیو کلیکشن اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور ٹیکس ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ محکمہ زراعت سے سولرائزیشن اسکیم سے استفادہ کرنے والے تمام زمینداروں کی فہرستیں فوری طور پر حاصل کی جائیں اور ایسے زمینداروں کی نشاندہی کی جائے جو حکومتی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے کے باوجود اپنے واجب الادا زرعی ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات جمع نہیں کرا رہے۔ آغا سمیع اللہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے زمینداروں کو سولرائزیشن، گرین ٹریکٹر اسکیم، کھاد، بیج اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، تاہم اس کے ساتھ زمینداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے قانونی و مالی واجبات بروقت ادا کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹیکس ادا نہ کرنے والے زمینداروں کے خلاف قانون اور قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور اس حوالے سے متعلقہ ریکارڈ مرتب کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ اپنے اضلاع میں مختلف سرکاری زرعی اسکیموں سے استفادہ کرنے والے زمینداروں کی فہرستیں جلد از جلد مرتب کر کے پیش کی جائیں تاکہ ٹیکس واجبات کی جانچ اور ضروری قانونی کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے ریونیو افسران کو یہ بھی ہدایت کی کہ زمیندار ایکشن کمیٹی کے عہدیداران سے ملاقاتیں کر کے ٹیکس ادائیگی کی اہمیت اور حکومتی پالیسیوں سے متعلق آگاہی فراہم کریں۔ اجلاس میں کسان رجسٹریشن کارڈ اور دیگر سرکاری سہولیات سے استفادہ کرنے والے ایسے افراد کے خلاف بھی کارروائی کے امور کا جائزہ لیا گیا جو اپنے واجب الادا ٹیکس یا سرکاری واجبات ادا نہیں کر رہے۔ ایڈیشنل کمشنر نے واضح کیا کہ حکومتی سہولیات سے استفادہ کرنے کے ساتھ ساتھ قانونی ذمہ داریوں کی ادائیگی بھی ضروری ہے۔ اجلاس میں تحصیل دفاتر میں پرائیویٹ افراد کی مداخلت اور ایجنٹ مافیا کے خلاف کارروائی کے حوالے سے بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ تحصیل دفاتر کے اچانک دورے کریں اور اگر کسی غیر متعلقہ یا پرائیویٹ فرد کی مداخلت پائی جائے تو ذمہ داران کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آغا سمیع اللہ نے ریونیو اسٹاف کو ہدایت کی کہ وہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی پر خصوصی توجہ دیں اور اپنی ماہانہ ریکوری رپورٹس باقاعدگی سے جمع کرائیں تاکہ ہر تحصیل کی کارکردگی کا ماہانہ بنیادوں پر جائزہ لیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تحصیلداران اور ریونیو افسران کی کارکردگی کو نمایاں کیا جائے گا، جبکہ ناقص کارکردگی کی صورت میں ذمہ داری کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ڈیجیٹلائزیشن کے نظام کے تحت ریونیو ریکارڈ اور رپورٹس کو جلد از جلد مکمل کر کے پیش کیا جائے تاکہ واجبات کی وصولی کے لیے متعلقہ زمینداروں کو بروقت نوٹسز جاری کیے جا سکیں۔ ایڈیشنل کمشنر نے عوامی شکایات پر فوری کارروائی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کو نظرانداز نہ کیا جائے بلکہ ان پر مقررہ وقت کے اندر کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو نظام میں شفافیت، میرٹ اور عوام کو بروقت سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا تمام متعلقہ افسران و اہلکاروں کی ذمہ داری ہے۔ اجلاس کے اختتام پر لینڈ ریونیو کلیکشن، زرعی انکم ٹیکس، کسان رجسٹریشن، ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، تحصیل دفاتر میں ایجنٹ مافیا کے خاتمے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو واضح اہداف اور سیکورٹی سمیت دیگر ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 14

ساتھ ان کی شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے نوجوانوں کو اپنی فنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں وہ گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام شکراللہ آرٹ گیلری میں منعقدہ "بیاد رحیمہ بانو" آرٹ مقابلے سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ آرٹ مقابلہ مرحومہ رحیمہ بانو، سابق ہیڈ مسٹریس بخشی گرلز اسکول گوادر کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ان کے نام سے منسوب کیا گیا تھا، جس میں گوادر کے مختلف سرکاری ونجی اسکولوں کے طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔ ایجوکیشن آفیسر نے جیوز کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی اور آرٹ مقابلے ونمائش کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیاں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے، تخلیقی سوچ کو فروغ دینے اور فن کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ جیوز کے صدر کے بی فراق نے کہا کہ جیوز گوادر کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے آرٹ نمائشوں، ورکشاپس اور دیگر فنی وتعلیمی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی طلبہ وطالبات کے لیے ایسی سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔ تقریب میں مرحومہ رحیمہ بانو کے فرزند صابر محمد حنیف، اساتذہ، طلبہ وطالبات اور فنون لطیفہ سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ مقابلے میں قادر الٰہی بخش نے پہلی، شاکر مراد جان نے دوسری جبکہ آمنہ علی اکبر نے تیسری پوزیشن حاصل کی تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی نے پوزیشن ہولڈرز اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات اور اسناد تقسیم کیں۔

بقیہ 15

تک میں اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کا احساس بڑھتا جا رہا ہے۔ گرلز اسکول پارک کے قریب تین مسلح نقاب پوش رہزنوں نے ایک نوجوان کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا اور واردات کے بعد باآسانی فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گرلز اسکول پارک کے قریب تین مسلح نقاب پوش رہزنوں نے نوجوان محمد اویس ولد محمد یونس سے موٹر سائیکل، موبائل فون اور 65 ہزار روپے نقدی چھین لی اور موقع سے باآسانی فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع موصول ہونے کے بعد کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ جبکہ ملزمان کی تلاش اور گرفتاری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مستونگ میں چوری، ڈکیتی اور رہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہریوں اور علاقہ مکینوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ دنوں میں مستونگ شہر اور گردونواح میں اسٹریٹ کرائمز میں مسلسل اضافے نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے اور عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ شہریوں نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں گشت کا مؤثر نظام قائم کیا جائے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری اور مؤثر اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے اور عوام میں پائے جانے والے خوف وہراس کا خاتمہ ہو۔

بقیہ 16

BRSP، DPC، ملیریا پروگرام اور امیر عزیز، ماسٹر ٹرینرز نے بطور ٹرینرز شرکت کی اور شرکاء کو ملیریا سمیت مختلف متعدی امراض کی روک تھام، بروقت تشخیص، ابتدائی طبی معاونت، مریضوں کی رہنمائی اور کمیونٹی کی سطح پر بیماریوں کے مؤثر کنٹرول کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملیریا، ایچ آئی وی اور ٹی بی جیسے خطرناک متعدی امراض کو مؤثر احتیاطی تدابیر، بروقت تشخیص، علاج اور عوام میں شعور وآگاہی کے ذریعے بڑی حد تک کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیماریوں کے خلاف جنگ صرف محکمہ صحت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد، بالخصوص کمیونٹی ہیلتھ ورکرز اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز کا کردار انتہائی اہم ہے انہوں نے کہا کہ معلومات اور شعور ہی بیماریوں کی روک تھام کا مؤثر ذریعہ ہیں، اس لیے فیلڈ میں کام کرنے والے CHWs اور CRPs عوام کو ملیریا سے بچاؤ کے طریقوں، مچھر کی افزائش کے خاتمے، صفائی ستھرائی، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنہ وعلاج کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں تاکہ بیماری کے پھیلاؤ کو مؤثر انداز میں روکا جاسکے ڈاکٹر فہیم خان نے کہا کہ صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت کے وژن اور خصوصی ہدایات کی روشنی میں محکمہ صحت عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ متعدی امراض کی روک تھام اور کمیونٹی کی سطح پر صحت سے متعلق آگاہی کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے تربیتی پروگرام کو اس سلسلے کی اہم کڑی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تربیت یافتہ کمیونٹی ورکرز بیماریوں کی بروقت نشاندہی اور عوام تک صحت سے متعلق درست معلومات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تربیتی سیشن کے دوران شرکاء کو عملی مثالوں، سوال وجواب اور مختلف فیلڈ کیسز کے ذریعے بیماریوں کی شناخت، مریضوں کی ابتدائی نگہداشت، بروقت ریفرل اور کمیونٹی میں آگاہی کے مؤثر طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر ٹرینرز نے کہا کہ کمیونٹی کی فعال شمولیت کے بغیر متعدی امراض پر مکمل قابو پانا مشکل ہے، اس لیے فیلڈ اسٹاف کو چاہیے کہ وہ اپنے علاقوں میں عوام کے ساتھ قریبی رابطہ رکھتے ہوئے بیماریوں کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنائیں تربیتی پروگرام کے اختتام پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے ٹرینرز اور شرکاء کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ تربیت حاصل کرنے والے کمیونٹی ہیلتھ ورکرز اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں انجام دیتے ہوئے ملیریا سمیت دیگر متعدی امراض کی روک تھام میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

بقیہ 17

تے اپنے مسائل زبانی اور تحریری طور پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اور متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیے عوام کی جانب سے بالخصوص زراعت، تعلیم، صحت، بجلی کی فراہمی سڑکوں و دیگر بنیادی سہولیات ترقیاتی منصوبوں پینے کے پانی اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل کی نشاندہی کی گئی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریدر لعل نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور شکایات کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے افسران کو تاکید کی کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز مسائل کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر مختلف محکموں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں سے متعلق عوامی شکایات اور سوالات کے جوابات دیے اور متعدد مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی عملی اقدامات اور ضروری کارروائی کی یقین دہانی کرائی بعض مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں جبکہ ایسے مسائل جن کے حل کے لیے مزید کارروائی درکار تھی ان کے لیے متعلقہ محکموں کو باقاعدہ ہدایات جاری کی گئیں ڈپٹی کمشنر وریدر لعل نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ہے۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد انتظامیہ اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مضبوط بنانا اور عوامی شکایات کو متعلقہ حکام تک فوری طور پر پہنچا کر ان کا حل یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ عوام اپنے مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں اور انتظامیہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں موصول ہونے والی درخواستوں اور شکایات پر پیش رفت کو یقینی بنایا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں کھلی کچہری کے دوران عوام نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ان کے مسائل سننے اور موقع پر متعلقہ افسران کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے اقدامات اٹھانے پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا شہریوں نے کہا کہ کھلی کچہری کے ذریعے انہیں اپنے مسائل براہ راست ڈپٹی کمشنر اور ضلعی محکموں کے افسران کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملا جس سے عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ 18

صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی کی صورتحال سرکاری رپورٹس سے کہیں زیادہ سنگین ہے، شاہراہوں پر سفر تقریباً ناممکن ہو چکا ہے، لوگ شہروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، زمینی سفر غیر محفوظ جبکہ ہوائی سفر انتہائی مہنگا ہونے کے باعث عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہے۔ بلوچستان کے عوام کو امن، تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے سلگتے قومی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے احتجاجی دھرنوں اور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن 8 نومبر کوئٹہ میں ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے، جس میں بلوچستان کے عوام کے مسائل، بدامنی، شاہراہوں کی بندش، روزگار، وسائل کے تحفظ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل پیش کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے ذمہ داران کے ماہانہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر و پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، ڈاکٹر عطاء الرحمن، بشیر احمد ماندائی، پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور، مولانا محمد عارف دمڑ، حافظ نور علی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی، صدر کسان بورڈ بلوچستان لعل بخش کھوسہ، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹریز نورالدین غلزئی، مولانا مجیب الرحمن ساسولی، صابر صالح پانیزئی، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، ڈائریکٹر بنو قابل محمد طیب جدون، صوبائی سیکرٹری اطلاعات عبدالولی خان شاکر، سوشل میڈیا انچارج روح اللہ سالار سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران نے اپنی کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ سابقہ فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں 8 نومبر کو امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کے دورہ کوئٹہ اور عوامی جلسے کی تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور جلسے کو بھرپور اور کامیاب بنانے کے لیے مختلف ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی ابتر صورتحال کے باعث عوام شدید خوف ومشکلات کا شکار ہیں۔ ایک طرف شاہراہوں پر سفر محفوظ نہیں، دوسری طرف روزگار، تجارت اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو محض اعلانات نہیں بلکہ عملی اقدامات اور محفوظ ماحول کی ضرورت ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ غلط پالیسیوں، طاقت کے بے جا استعمال، زور زبردستی اور بدعنوانی کے باعث بلوچستان کے حالات مسلسل خراب ہو رہے ہیں اور صوبہ عملاً نوگو ایریا بنتا جا رہا ہے۔ حکومتی رٹ کمزور ہو چکی ہے جبکہ قومی بجٹ میں اربوں روپے رکھنے کے باوجود عوام کی جان ومال محفوظ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تمام سیکیورٹی عوام کے تحفظ اور امن وامان کے قیام پر مرکوز ہونی چاہیے، عوام کو خوف کے ماحول میں چھوڑ دینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ حکومت، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری، عملی اور مخلصانہ اقدامات کریں۔ بلوچستان کے قدرتی وسائل کی حفاظت، قانونی تجارت کے فروغ، شاہراہوں کو محفوظ بنانے، عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور بدامنی کے خاتمے کے لیے واضح اور مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور صوبے کے بنیادی وقومی مسائل کے حل، امن کے قیام، وسائل کے تحفظ اور عوام کے حقوق کے لیے ہر آئینی وجمہوری فورم پر بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل اور مختلف شعبہ جات کی سرگرمیوں کے حوالے سے مشاورت کے بعد متعدد فیصلے بھی کیے گئے۔

بقیہ 19

شہریوں کی تعداد 36600 رہی، 2023 سے اب تک 27 لاکھ 82 ہزار 500 افغان باشندوں کو واپس بھیجا جا چکا۔ رپورٹ کے مطابق 2 ماہ کے دوران سب سے زیادہ افغان باشندے خیبرپختونخوا سے بھیجے گئے، افغان شہریوں کی بیدخلی میں بلوچستان کا دوسرا اور پنجاب کا تیسرا نمبر رہا، تمام چیف کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو جیوٹیگنگ کو ڈیٹا بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 20

کی۔ ملاقات میں گوادر میں قابل ٹیکس کاروباری اداروں کی رجسٹریشن، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور ضلع میں ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے اور کاروباری افراد کو رجسٹریشن، ٹیکس قوانین کی تعمیل اور متعلقہ ٹیکس خدمات میں بہتر سہولیات فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ مؤثر ادارہ جاتی تعاون اور کاروباری سہولیات میں بہتری کے ذریعے گوادر میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور ٹیکس بیس کو وسیع کرنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 21

منعقدہ اس پر عزم تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے کی، جبکہ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، پولیس کے اعلیٰ حکام، سرکاری افسران، معزز قبائلی عمائدین، اور سماجی وعوامی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے قومی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ کانفرنس کے دوران تمام مکاتب فکر کے نمائندوں نے پاک فوج کے بہادر جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت سے لے کر آفت زدہ حالات تک، پاک فوج نے ہر محاذ پر ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ عوام اور افواج کا اتحاد: شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم ہر مشکل اور چیلنج کی گھڑی میں اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قبائلی عمائدین اور انتظامی افسران نے واضح کیا کہ ارض وطن کے امن واستحکام کے لیے پاک فوج کی شاندار قربانیاں تاریخ کا ایک سنہرا باب ہیں، جنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ کانفرنس کے اختتام کے بعد افواج پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے عملی اظہار کے طور پر ایک عظیم الشان فلیگ مارچ نکالا گیا۔ فلیگ مارچ کا آغاز ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے ہوا، جو شہر کی اہم شاہراہوں بشمول ہرنائی بازار اور ایس پی آفس سے ہوتا ہوا واپس اپنے ابتدائی مقام (ڈی سی کمپلیکس) پر اختتام پذیر ہوا۔ مارچ کے شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے، جس سے پورا راستہ قومی رنگوں میں رنگ گیا۔ فلیگ مارچ کے دوران شرکاء "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج پائندہ باد" کے پرجوش نعرے لگاتے رہے، جس سے علاقے کی فضاء وطن پرستی کے جذبے سے گونج اٹھی۔ یہ کانفرنس اور فلیگ مارچ نہ صرف ضلعی انتظامیہ اور عوام کا اپنی افواج سے گہرے تعلق کا ثبوت ہے، بلکہ اس بات کی بھی روشن دلیل ہے کہ ملکی سلامتی کے دفاع کے لیے پورا ملک ایک پیج پر ہے۔

بقیہ 22

رابطہ مہم کو مؤثر بنانے اور ضلع کوئٹہ کے مختلف علاقوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔ اجلاس میں آئندہ کے جماعتی پروگراموں، یونٹ سطح پر تنظیمی سرگرمیوں میں تیزی لانے، کارکنوں کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور جمعیت علماء اسلام کو ضلع بھر میں مزید فعال ومتحرک بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے بھی متوقع ہیں۔ ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے تمام اراکین مجلس عمومی سے اپیل کی ہے کہ وہ اجلاس میں بروقت اور بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں، کیونکہ مجلس عمومی جماعت کا اہم دستوری فورم ہے جہاں باہمی مشاورت کے ذریعے جماعتی معاملات اور عوامی مسائل کا جائزہ لیا جاتا ہے اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جاتا ہے۔

بقیہ 23

پر مختلف تجاویز زیر غور آئیں چیئرمین پورٹ نے اس موقع پر گوادر پورٹ کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت اور سرحدی تجارتی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تجارتی عمل میں سہولت، شفافیت اور مؤثر رابطہ کاری سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ ملاقات میں اس امر پر بھی غور کیا گیا کہ وزارت تجارت اور ایف بی آر کی جانب سے جاری واضح ہدایات کے باوجود گوادر پورٹ سے سرحدی تجارت اور متعلقہ کاروباری سرگرمیوں کو بعض عملی مشکلات درپیش ہیں، جن کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط مشاورت اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ جمعرات کو ایک اہم اور وسیع اجلاس منعقد ہوگا، جس میں کسٹمز حکام، چیمبر آف کامرس، گوادر پورٹ، گبد ریمدان بارڈر سے وابستہ تاجر اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔ اجلاس میں درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لے کر ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ملاقات کو گوادر پورٹ کے ذریعے کارگو ٹرانسپورٹ، ٹرانزٹ تجارت اور پاکستان وایران کے درمیان سرحد پار تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا ہے جبکہ گوادر پورٹ سے گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے ایران اور دیگر علاقائی منڈیوں تک تجارتی رسائی میں بہتری سے گوادر کی علاقائی تجارتی گیٹ وے کے طور پر اہمیت مزید مستحکم ہونے اور خطے میں تجارت و اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کی توقع ہے۔

بقیہ 24

ہنہ کے عملے نے سپیئرز محمد کریم کو گرفتار کر لیا اس کے علاوہ 8 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی اسی طرح تھانہ خروٹ آباد کے عملے نے نصراللہ کے قبضے سے 10 کلو چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا صدر پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے عبدالرازق اور زیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن گرفتار، تھانہ نیو کچلاک کے ایس ایچ او عبدالحئی گرانی نے نامزد ملزمان عبدالصمد اور غلام دستگیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن برآمد کر لیا تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 25

6 یونٹس کو بہتری کے نوٹسز جاری کر دیے گئے فوڈ سیفٹی ٹیم نے جنرل اسٹورز، بیکریوں، گوشت، سبزی و فروٹ اور دودھ کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس دوران مختلف جنرل اسٹورز سے زائد المیعاد مصالحہ جات ممنوعہ چائنیز نمک اور گٹکا کی موجودگی کے علاوہ ناقص اسٹوریج پر بھی کارروائی عمل میں لائی گئی اسی طرح بعض بیکریوں اور دیگر فوڈ پوائنٹس پر صفائی کی ناقص صورتحال، ذاتی حفظان صحت کے اصولوں کی عدم پابندی، گندے برتن، کھانے پینے کی اشیاء پر مکھیوں کی موجودگی، اشیائے خورونوش کو ڈھانپ کر نہ رکھنے اور BFA لائسنس کی عدم موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جن پر متعلقہ کاروباری افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی گئی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروباری حضرات کو ہدایت کی کہ وہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مقررہ SOPs پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، صفائی اور حفظان صحت کے معیار کو بہتر کریں اور اشیائے خورونوش کے معیار اور محفوظ اسٹوریج پر خصوصی توجہ دیں فوڈ سیفٹی ٹیم نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری، صاف ستھری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 26

ے ملک کی سلامتی، خودمختاری، امن اور استحکام کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے لیے پاک فوج کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ پاک فوج نے ہمیشہ ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کے لیے مثالی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور ملکی دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کی سلامتی، امن اور ترقی کے لیے ہر فرد اپنا مثبت کردار ادا کرے گا۔ ریلی میں سرکاری افسران، اہلکاروں اور عوام کی بھرپور شرکت نے قومی اتحاد اور حب الوطنی کے جذبے کو مزید اجاگر کیا۔ ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 27

کیو ای سی ڈاکٹر ریاض احمد نے بتایا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی گائیڈ لائنز اور جامعہ تربت کے اسٹریٹجک پلان کو مدنظر رکھتے ہوئے کوالٹی سرکل کے سیکرٹریٹ اور کیو ای سی آفس کو جدید آفس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے۔ تربت یونیورسٹی کو خطے کا صف اول کا تعلیمی ادارہ بنانے اور طلبہ کی پیشہ ورانہ وتخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اجلاس میں متعدد دوررس فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ ان میں 2027 سے تمام تعلیمی پروگراموں میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس کورسز کا آغاز، فارغ التحصیل طلبہ کو روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے الیومنائی اینڈ پلیسمنٹ آفس کا قیام اور طلبہ کے ڈراپ آؤٹ کی شرح میں کمی لانے کے اقدامات شامل ہیں۔ اجلاس میں اچھی گورننس کے نفاذ اور میرٹ وشفافیت کو یقینی بنانے کے لیے یونیورسٹی کی تمام پالیسیوں، فیصلوں اور عوامی مفاد کی معلومات کو ویب سائٹ پر جاری کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ مزید برآں، ادارہ اپنی سماجی ذمہ داریوں کے تحت تربت یونیورسٹی ڈیجیٹل سروسز متعارف کروانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، جس کے تحت دیگر اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کو جدید آئی ٹی سروسز فراہم کیے جائیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے جامعہ تربت میں کوالٹی ایشورنس کو یقینی بنانے پر کیو ای سی ٹیم اور کوالٹی سرکل کے ارکان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارا بنیادی مقصد اپنے طلبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور جامعہ تربت کو ایک معیاری اور جدید ترین لرننگ ہب بنانا ہے۔

بقیہ 28

صدر چیئرمین اسلم بلوچ کی رہائش گاہ پر چیئرمین اسلم بلوچ اور نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاءمحمد بنگلزئی سے ملاقات کرتے ہوئے کی اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن منظور انور، اعزاز اسلم اور سلمان ساسولی بھی موجود تھے ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کے بنیادی مسائل کو مثبت سیاسی سوچ کے ساتھ اجاگر کرتے ہوئے قومی مفادات کو ترجیح دی اصولی سیاست اور مثبت حکمت عملی کے تحت بلوچستان کو موجودہ کیفیت سے نکالا جاسکتا ہے لیکن سیاسی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے عوامی فیصلے کو قبول کرتے ہوئے عوام کی بالادستی وحکمرانی کو قبول کرنا پڑے گا۔

بقیہ 29

کو ہدایات جاری کیں بالخصوص سبزی فروشوں اور قصابوں کو سختی سے متنبہ کی کہ سرکار کی جانب سے مقرر کردہ قیمتوں کے مطابق گوشت وسبزی ودیگر اشیا خورونوش فروخت کریں زائد المیعاد اشیا فروخت کرنے اور زائد نرخ وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے صفائی وستھرائی اور اشیا کے معیار پر بھی زور دیا، اور دکانوں کے آگے ناجائز تجاوزات عارضی تھڑے بنانے کی سختی سے ممانعت کیں انہوں نے دکانوں پر رکھے 09 پیکٹ نان کسٹم پیڈ سگریٹ ضبط کر کے قانونی کارروائی عمل میں لا کر دکانداروں کو غیر قانونی اشیا اپنی دکانوں پر رکھنے اور فروخت کرنے پر پابندی عائد کر کے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 30

ل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ماراپ سر جنگل ڈاکخانہ سوراب کے رہائشی درخواست گزار محمد علی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں نادرا کی جانب سے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر اور غلط بائیو میٹرک رجسٹریشن کے خلاف شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ ان کا بائیومیٹرک ڈیٹا نادرا سسٹم کی غلطی کے باعث ایک غیر متعلقہ خاتون کے ساتھ منسلک (لنک) ہو گیا تھا، جس کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے ان کا شناختی کارڈ جاری نہیں ہو پا رہا تھا اور وہ روزمرہ کے معاملات میں شدید پریشانی کا شکار تھے۔ شہری کی درخواست پر وفاقی محتسب نے اس سنگین غفلت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نادرا انتظامیہ سے جواب طلب کیا اور معاملے کو جلد از جلد حل کرنے کی سخت ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی جانب سے کی جانے والی مؤثر اور مسلسل پیروی کے نتیجے میں نادرا حکام نے فوری کارروائی کرتے ہوئے سسٹم سے غلط بائیو میٹرک لنک کا خاتمہ کیا اور شہری کے کوائف کو درست کیا۔ نادرا کی جانب سے بائیو میٹرک کی درستی کے بعد محمد علی کے شناختی کارڈ کے اجراء کا عمل مکمل کر لیا گیا۔ درخواست گزار نے وفاقی محتسب کی اس تیز ترین اور بلا معاوضہ کارروائی پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا اور تصدیق کی کہ ان کا دیرینہ مسئلہ حل ہو چکا ہے۔ سائل کی جانب سے دادرسی کی تصدیق اور اطمینان کے بعد وفاقی محتسب کی جانب سے اس کیس کو باقاعدہ طور پر داخل دفتر (Disposed of) کر دیا گیا ہے۔ یہ کامیابی وفاقی محتسب کے اس عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ وفاقی سرکاری اداروں کی غفلت، تاخیر اور بدانتظامی کے خلاف عام شہریوں کو فوری، سستا اور دہلیز پر انصاف فراہم کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وفاقی اداروں کے خلاف کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں وہ وفاقی محتسب سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بقیہ 31

حفصہ نثار کو وظیفے کے احکامات حوالے کیے۔ اس موقع پر کہا گیا کہ حکومت بلوچستان نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان اور ملک کا نام مزید روشن کریں۔

بقیہ 32

حوالے سے ایس ڈی آئی پروگرام، بالخصوص سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 33

کہا ہے کہ مستونگ شہر میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تنخواہ دار ملازمین پنشنرز تاجروں اور بالخصوص بزرگ ومعذور افراد کو اپنی ہی جمع پونجی تک رسائی کے لیے کوئٹہ کا رخ کرنا پڑ رہا ہے۔ جس سے نہ صرف انہیں اضافی سفری اخراجات برداشت کرنا پڑ رہا ہے بلکہ ذہنی اور جسمانی اذیت کا بھی سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکنگ جیسی بنیادی سہولت کی عدم دستیابی نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے۔ تنخواہوں اور پنشن کی وصولی کاروباری لین دین اور دیگر مالی ضروریات کے لیے شہریوں کو دوسرے شہر جانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے جو عوام کے لیے کسی بڑی آزمائش سے کم نہیں۔ انہوں نے حلقے کے منتخب نمائندوں کی خاموشی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ منتخب نمائندوں کی بنیادی ذمہ داری عوامی مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔ اگر عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی آواز اٹھانے والا کوئی نہ ہو تو شہری آخر کس سے رجوع کریں۔ میر سکندر حیات خان ملازئی نے کہا کہ مستونگ جیسے ضلعی ہیڈ کوارٹر میں بینکنگ سہولیات کی بندش عوام کے لیے ناقابل برداشت مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ بالخصوص بزرگ پنشنرز معذور افراد اور ایسے شہریوں کے لیے کوئٹہ کا سفر انتہائی دشوار ہے جو محض اپنی رقم نکلوانے کے لیے طویل مسافت طے کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈپٹی کمشنر مستونگ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مستونگ میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی خدمات کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو مزید مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 34

افراد کے لیے وظائف اور تعلیمی سہولیات فراہم کرے گی، جن میں پی ایچ ڈی تک تعلیم کے اخراجات بھی حکومت بلوچستان کے خرچ پر یقینی بنائے جائیں گے، جبکہ خصوصی افراد کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلاسود قرضوں سمیت دیگر سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ HBL konnect کے ذریعے ان سہولیات اور مالی معاونت کی مستحق افراد تک رسائی کو مزید آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جائے گا، جس سے خصوصی افراد کی تعلیم، مالی خودمختاری اور معاشرتی شمولیت کے لیے حکومت بلوچستان کے اقدامات کو عملی طور پر مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ 35

نہ کیا اور المناک حادثے کے مختلف پہلوؤں، کول مائن کی موجودہ صورتحال اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو حادثے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے واقعے کی صورتحال، مائن کی حالت اور وہاں موجود ممکنہ خطرات سے آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے حادثے میں دو قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور حفاظتی امور میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بند، غیر فعال اور خطرناک کول مائنز کی فوری نشاندہی کی جائے اور ایسے مقامات پر مناسب حفاظتی اقدامات کیے جائیں تاکہ غیر ضروری طور پر کسی شخص کے داخل ہونے کا امکان نہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطرناک مائنز کے اطراف مناسب نشانات اور انتباہی بورڈز نصب کیے جائیں اور مقامی آبادی کو زہریلی گیس اور دیگر ممکنہ خطرات سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کول مائنز میں حفاظتی اصولوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101204401 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It Is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 2)	100,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 4,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Must agree to serve the Contract within 30 days **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of amount 100,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23 October, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Office of Director General Farms and Feed Resources Brewery Road Near CASVAB quetta

Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147
Email: dgflddd@gmail.com

**DIRECTOR GENERAL FARMS
& FEED RESOURCES
QUETTA**

DPRQ/PRQ No.1783/7-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

حکمران بلوچستان کے بنیادی مسائل حل کرنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں

گیس اور بجلی کی عدم فراہمی اور لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، بی این پی

فارم 47 کے غیر منتخب نمائندوں کے ذریعے مسلط حکومت کی وجہ سے بلوچستان میں بیوروکریسی انتہائی مضبوط اور بااختیار ہو چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی پریس ریلیز کے مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے غیر منتخب نمائندوں کے ذریعے مسلط حکومت کی وجہ سے بلوچستان میں بیوروکریسی انتہائی مضبوط اور بااختیار ہو چکی ہے جبکہ غیر بلوچ بیوروکریسی بلوچ عوام کو مزید معاشی اور معاشرتی مشکلات سے دوچار کر رہی ہے گزشتہ تین سالوں سے بلوچستان میں کرپشن، ناانصافی، ظلم و زیادتی اور عوام کے استحصال کا سلسلہ جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ڈی سی جھل مگسی سے مختلف سرکاری محکموں کے افسران کی ملاقات

تکمیل کے ساتھ ساتھ تعمیراتی کاموں کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سے ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور ضلع میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والی مختلف تنظیموں کے فوکل پرسنز نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں عوامی سہولیات کی فراہمی متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور فلاحی سرگرمیوں سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگ جھل مگسی ظفر اقبال ابڑو پرنسپل انٹر کالج جھل مگسی مظفر علی ایکسین روڈ ثابت علی، ڈاکٹر منصور احمد ترین ضلعی آفیسر ماحولیات خادم (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت گوادر ایمبولینس سروس کے لیے گرانٹ کی فراہمی کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں بلوچستان رائز پروگرام، ضلعی انتظامیہ اور گوادر ایمبولینس سروس کے نمائندہ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

ختم نبوت کا عقیدہ ہمارے ایمان، دینی تشخص اور ملی وحدت کا بنیادی ستون ہے، مولانا عبدالواسع

جمہوری اصولوں کے لیے آواز بلند کی، اسلامی قوانین اور دینی تشخص کے تحفظ کے لیے پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کیا

مولانا مفتی محمود کی پوری زندگی دین، آئین، جمہوریت، اسلامی تشخص، قومی خودمختاری اور ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد سے عبارت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود کی پوری زندگی دین، آئین، جمہوریت، اسلامی تشخص، قومی خودمختاری اور ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد سے عبارت ہے۔ مفکر اسلام مفتی محمود کی جدوجہد عصر حاضر کے فتنوں کے مقابلے میں رہنمائی کا سرچشمہ ہے، اسلامی نظریات، دینی اقدار اور قومی تشخص کے تحفظ کے لیے آج (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

زیارت: ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی پاک فوج کی حمایت ریلی کے موقع پر بچوں میں مٹھائی تقسیم کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

رابطہ کاری اور مشترکہ کاوشوں کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق

پولیو ٹیموں کو درپیش مسائل، شمنگ سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے حوالے سے پوسٹ کمپین ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، پولیو حکام اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں حالیہ پولیو مہم کی کارکردگی، ای ایس آئسولیشن، ایم پی کیو اے، ایل کیو اے ایس، زیرو ڈوز بچوں کی کوریج، پولیو ٹیموں کو (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ڈاکٹر سلیم زرکون کا مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ

اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

رکھنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر سلیم زرکون نے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ و دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے اس جدید نظام کے تحت بڑے پیمانے پر بھرتی کا عمل بھی کامیابی سے مکمل کیا گیا

بلوچستان میں مصنوعی ذہانت پر مبنی بھرتی کا جدید نظام ProMetrix متعارف

صوبائی حکومت کی میرٹ پر مبنی اور انسانی مداخلت سے حتی الامکان پاک بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، ڈیجیٹل گورننس کے فروغ اور صوبے میں میرٹ پر مبنی نظام کے قیام کے تحت صوبائی حکومت نے سرکاری بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور انسانی مداخلت سے حتی الامکان پاک بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کی ہے، جہاں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان نے مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی و اسیسمنٹ سسٹم (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

حافظ عبدالغنی شہزاد جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی معاون سیکرٹری اطلاعات مقرر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی ناظم عمومی آغا محمود شاہ نے باہمی مشاورت سے حافظ عبدالغنی شہزاد کو جمعیت علماء اسلام بلوچستان کا صوبائی معاون سیکرٹری اطلاعات مقرر کر دیا ہے۔ جماعتی قیادت نے امید ظاہر کی ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

گیس کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی عذاب بنادی ہے، ایچ ڈی پی

پارٹی عوامی حقوق کے حصول کے لئے پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کوئٹہ شہر اور نواحی علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی پر محکمہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی کارکردگی کو سخت ترین الفاظ میں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ علمدار روڈ، نچاری، طوغی روڈ، سید آباد، پیر محمد روڈ، کاسی روڈ، مومن آباد، مری آباد، ناصر آباد، ہزارہ ٹاؤن، نیو ہزارہ ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، اے ون سٹی، ریلوے ہاؤسنگ اسکیم سمیت پورے کوئٹہ شہر کو گیس پریشر میں کمی کا سامنا ہے۔ پہلے تو دن میں کئی مرتبہ لوڈشیڈنگ کرکے عوام کی زندگی عذاب بنادی گئی ہے اس پر ستم یہ کہ گیس کے اوقات کار میں بھی عوام کو کم پریشر (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ملک سنگین ترین اقتصادی مسائل کی دلدل میں دھنس چکا ہے، جمعیت نظریاتی

اس وقت ملک کو تمام درپیش چیلنجز سے نکالنے کا واحد حل اسلام کے عادلانہ نظام کے فوری اور مکمل نفاذ میں مضمر ہے

ظالمانہ نظام کی تباہ کاریوں اور مسلسل بحرانوں سے شدید پریشان ہو کر ایک نئے اور عادلانہ نظام کی تلاش میں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ قوم موجودہ فرسودہ، کرپٹ اور ظالمانہ نظام کی تباہ کاریوں اور (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ لینڈ ریونیو اور زرعی انکم ٹیکس سے متعلق ریونیو اسٹاف کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر فہیم خان کی زیر صدارت اجلاس

علاج اور عوام میں شعور و آگاہی کے ذریعے بڑی حد تک کنٹرول کیا جاسکتا ہے

لورالائی (خ ن) ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ CommunityIntegrated ICCM ManagemenCase تربیتی پروگرام ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر فہیم خان کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ملیریا پروگرام سے وابستہ ماہرین، نرسز، کمیونٹی ہیلتھ ورکرز (CHWs) اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز (CRPs) نے بھرپور شرکت کی تربیتی پروگرام میں ہارون احمد، پروگرام آفیسر IHHN (انڈس ہسپتال) محمد اسحاق (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

مستقبل میں طلبہ وطالبات کیلئے ایسی سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا، محمد حسن

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر محمد حسن نے کہا ہے کہ آرٹ اور تخلیقی سرگرمیاں طلبہ و طالبات میں مشاہدے، تخیل، جمالیاتی ذوق اور تخلیقی سوچ کو فروغ دینے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

وریندر لعل کی زیر صدارت مانجھوٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کو ان کی دہلیز پر سننے اور فوری طور پر حل کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت تحصیل مانجھوٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ ضلعی محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی، جبکہ تحصیل مانجھوٹی کے مختلف علاقوں سے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کرکے اپنے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا کھلی کچہری کے دوران شہریوں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

مستونگ میں اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ

مستونگ (آن لائن) مستونگ میں اسٹریٹ کرائمز میں تشویشناک اضافہ مسلح نقاب پوش راہزنوں نے نوجوان کو موٹر سائیکل موبائل فون اور 65 ہزار روپے نقدی سے محروم کر دیا مستو (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ کی زیر صدارت اجلاس

گرین ٹریکٹر اسکیم، کھاد، بیج اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

ذمہ داران کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ کی زیر صدارت لینڈ ریونیو کلیکشن اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن کے تحصیلداران، نائب تحصیلداران، سب رجسٹرارز اور دیگر ریونیو افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے ایڈیشنل کمشنر کو اپنی گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی اور پروگریس رپورٹس پیش کیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

وفاقی محتسب کی فوری کارروائی، خضدار کی مستحق خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا رکا ہوا وظیفہ مل گیا

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار کی بروقت اور مؤثر مداخلت کے باعث تحصیل کرخ کے پسماندہ علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، ساگر کمار

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے ایکسین ایریگیشن اعظم کاکڑ کے ہمراہ ضلع قلعہ سیف اللہ میں جاری مختلف آبپاشی اسکیموں کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی جا (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بی آر اے کے ممبر آڈٹ اور (SDI) کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان اجلاس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ممبر آڈٹ اور اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز (SDI) کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

احمد زیب کی زیر صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اجلاس

ریونیو سے متعلق تمام معاملات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی زیر صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال سے متعلق امور، ریونیو معاملات، عوامی مسائل کے فوری حل سرکاری ریکارڈ کی بروقت تکمیل و درستگی اور زیر التواء کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے تحصیلدار اور پٹواریوں کو ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلق (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

یونیورسٹی آف لورالائی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کے درمیان تدریسی تربیت کا اہم معاہدہ

شعبہ ایجوکیشن کے طلباء وطالبات کو سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت فراہم کی جائے گی

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کے درمیان تدریسی تربیت کا اہم معاہدہ شعبہ ایجوکیشن کے طلباء و طالبات کو سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت فراہم کی جائے گی یونیورسٹی آف لورالائی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس ضلع لورالائی کے درمیان شعبہ ایجوکیشن کے طلباء و طالبات کو سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

مستونگ کیمپس میں تعلیمی بحران طلبہ کا سخت احتجاج کا اعلان

گزشتہ کئی ماہ سے باقاعدہ تدریسی سرگرمیاں متاثر ہیں، طلباء

مستونگ (آن لائن) مستونگ کیمپس میں تعلیمی بحران طلبہ کا سخت احتجاج کا اعلان ڈپٹی کمشنر مستونگ کے خط کے باوجود تدریسی سرگرمیاں بحال نہ ہوسکیں طلبہ کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا مستونگ اسٹوڈنٹس فورم نے بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں طویل عرصے سے جاری تعلیمی تعطل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ کئی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

جماعت اسلامی قومی سطح پر بلوچستان کے سلگتے مسائل اجاگر اور ان کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کرے گی

بلوچستان کی شاہراہوں پر سفر تقریباً ناممکن ہو چکا ہے، جماعت اسلامی

بلوچستان میں بدامنی رپورٹس سے کہیں زیادہ، شاہراہوں پر سفر ناممکن، عوام شہروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں بدامنی رپورٹس سے کہیں زیادہ، شاہراہوں پر سفر ناممکن، عوام شہروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، زمینی سفر غیر محفوظ اور فضائی سفر عوام کی پہنچ سے باہر ہے 8 نومبر کو حافظ نعیم الرحمن کوئٹہ میں عوامی جلسے سے خطاب کریں گے، جماعت اسلامی قومی سطح پر بلوچستان کے سلگتے مسائل اجاگر اور ان کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کرے گی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے عصمت اللہ کی قیادت میں ینگ لیڈر پارلیمنٹرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ: ایک شخص بوتلوں میں غیر قانونی ایرانی پیٹرول 270 پاکستانی روپے فی لیٹر فروخت کر رہا ہے

رواں ماہ کے 6 روز میں 6304 افغان باشندوں کو واپس بھیجا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) غیر قانونی طور پر مقیم افغانیوں کو ملک بدر کرنے کے معاملے پر چاروں صوبوں اور کشمیر نے تازہ ترین رپورٹ وزارت داخلہ کو بھجوا دی۔ رپورٹ کے مطابق رواں ماہ کے 6 روز میں 6304 افغان باشندوں کو واپس بھیجا گیا، ستمبر میں ملک بدر کیے گئے افغان (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

پوری قوم ہر مشکل اور چیلنج کی گھڑی میں اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ڈی سی ہرنائی

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں افواج پاکستان کی ملکی سلامتی، بے لوث دفاع اور امن وامان کے قیام کے لیے پیش کی جانے والی گراں قدر خدمات اور عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک پروقار یکجہتی کانفرنس اور شاندار فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

چیئرمین عبداللہ خان سے معین الرحمٰن کی ملاقات

ٹیکس بیس کو وسیع کرنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GDA) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن سے گوادر میں ملاقات (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

نورالحق بلوچ سے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ کی ملاقات

خطے میں تجارت و اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کی توقع ہے، گفتگو

کراچی، گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید سے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ سے گبد ریمدان 250 بارڈر کراسنگ کے ذریعے ایران کے لیے ٹرانزٹ تجارت اور کارگو کی نقل و حرکت کو مزید سہل، مؤثر اور منظم بنانے کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں گوادر پورٹ سے ایران کو کارگو کی ترسیل، ٹرانزٹ تجارت، کسٹمز کلیئرنس اور تجارتی طریقہ کار سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے گوادر پورٹ اور ایران کے درمیان ہموار اور مؤثر تجارتی راہداری کے قیام (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم دستوری اجلاس

ضلع بھر میں مزید فعال و متحرک بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے بھی متوقع ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم دستوری اجلاس آج بروز جمعرات 8 اکتوبر 2026ء صبح 9 بجے جامعہ مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوگا، جس میں مجلس عمومی کے تمام اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی موجودہ جماعتی و تنظیمی صورتحال، مختلف یونٹوں کی کارکردگی، یونٹوں کو مزید فعال اور منظم بنانے، جماعتی نظم و ضبط کو مضبوط کرنے، عوامی را (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

کوئٹہ پولیس کی موٹر سائیکل سنیچرز، منشیات فروشوں، نامزد ملزمان سمیت 6 ملزمان کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچرز، منشیات فروشوں، نامزد ملزمان سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن اور چرس برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بی ایف اے کھوائی موڑ، کوئٹہ روڈ پر مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائی

لورالائی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (BFA) کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر کی سربراہی میں کھوائی موڑ، کوئٹہ روڈ پر مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 18 فوڈ یونٹس کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قوانین کی خلاف ورزی پر 7 یونٹس کو جرمانے کیے گئے جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

یونیورسٹی آف تربت کوالٹی سرکل کا آٹھواں اجلاس

تربت یونیورسٹی کوالٹی سرکل کے اسٹریٹجک اصلاحات

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کوالٹی سرکل کا آٹھواں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر کوالٹی انہاسمنٹ سیل ڈاکٹر ریاض احمد نے کوالٹی ایشورنس کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل گورننس اور یونیورسٹی کے پانچ سالہ اسٹریٹجک پلان (2026-2030) پر عمل درآمد کے طریقہ کار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں رواں سال کے اختتام تک یونیورسٹی کے تمام تدریسی و انتظامی امور کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق ڈائر (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

حسام الدین کاکڑ کی زیر نگرانی شاندار اور پرجوش ریلی کا انعقاد

سلامتی اور دفاع کیلئے پاک فوج کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں

بارکھان (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع بارکھان میں بھی 7 اکتوبر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اور اسسٹنٹ کمشنر بارکھان حسام الدین کاکڑ کی زیر نگرانی ایک شاندار اور پرجوش ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے مختلف محکموں کے افسران، اہلکاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کا بھرپور اظہار کیا۔ ریلی کے دوران شہر کی فضا ملی جوش و جذبے سے گونجتی رہی، جبکہ شرکاء (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پارٹی نے بدترین حالات میں بھی ہمیشہ عوام کی صحیح رہنمائی کی ہے کامریڈ شپ نیشنل پارٹی کی بنیادی کلچر ہے

نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کا مضبوط قلعہ ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

قومی مفادات کو ترجیح دی اصولی سیاست اور مثبت حکمت عملی کے تحت بلوچستان کو موجودہ کیفیت سے نکالا جاسکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کا مضبوط قلعہ اور بلوچستان کے عوام کیلئے مضبوط سیاسی پلیٹ فارم ہے پارٹی کو مضبوط بنانے میں پارٹی قیادت سے لیکر ایک ایک کارکن کا بھرپور کردار صلاحیتیں اور محنت شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے ہمراہ نیشنل پارٹی کے صوبائی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے راز خان پٹھان اور حمید اللہ مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

محمد رمضان کرد کا گنداواہ شہر کی مرکزی بازار کا سرپرائز دورہ

زائد نرخ وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد رمضان کرد نے گنداواہ شہر کی مرکزی بازار کا سرپرائز دورہ کیا، دورے کے موقع پر انہوں نے سبزی و فروٹ، گوشت اور دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں، کوالٹی اور صفائی و ستھرائی کا جائزہ لیا انہوں نے مختلف دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے اور پرائس لسٹ آویزاں کرنے کی دکانداروں (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

سوراب کے شہری کا نادرا میں ایک سال سے التواء کا شکار بائیو میٹرک کا مسئلہ حل، شناختی کارڈ جاری

اسلام آباد/سوراب (پ ر) وفاقی محتسب کی بروقت اور مؤثر مداخلت کے باعث بلوچستان کے علاقے سوراب کے رہائشی کی نادرا (NADRA) کے خلاف شکایت کا کامیابی سے ازالہ کر دیا گیا ہے۔ نادرا کی تکنیکی غلطی کے باعث شہری کا ایک سال سے التواء کا شکار قومی شناختی کارڈ (CNIC) جاری کر دیا گیا ہے جس پر سائل نے وفاقی محتسب کا تہہ د (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ سے فٹسال کے کھلاڑیوں کی ملاقات

گوادر (خ ن) کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے بلوچ وارڈ میں بی ایس ڈی آئی کے تحت مکمل ہونے والے فٹسال گراؤنڈ کے افتتاح کے موقع پر کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر کمشنر مکران نے بین الاقوامی سطح پر کھیلنے والی کھلاڑی حفصہ نثار کے لیے ماہانہ وظیفہ جاری کرنے کے احکامات دیے تاکہ انہیں تعلیم کے حصول میں مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ کھیل کے ساتھ اپنی تعلیم بھی جاری رکھ سکیں۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیر صدارت تمام بینکوں کے منیجرز کا اجلاس

تمام بینکوں کے اے ٹی ایمز کو ہر وقت فعال رکھنے کی بھی ہدایت

صارفین کو معیاری بینکاری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت ضلع دکی میں قائم تمام بینکوں کے منیجرز کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال سمیت مختلف بینکوں کے منیجرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران مختلف بینکوں کے منیجرز نے اپنے اپنے بینک کی مجموعی کارکردگی، سیکیورٹی انتظامات، اے ٹی ایم سروسز، صارفین کو فراہم کی جانے والی سہو (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

مستونگ میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش سے شہری پریشان

مستونگ (آن لائن) مستونگ میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش سے شہری پریشان اپنی ہی رقم کے حصول کے لیے کوئٹہ جانے پر مجبور نیشنل پارٹی کا فوری نوٹس لے کر بینکنگ سروسز بحال کرنے کا مطالبہ نیشنل پارٹی مستونگ کے ضلعی صدر میر سکندر حیات خان ملازئی نے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

خصوصی افراد کیلئے KUMAK پروگرام پر عملدرآمد مزید مؤثر بنانے کا عزم

حکومت بلوچستان اور konnecHBL کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے کاوشوں اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی کی مسلسل محنت کے نتیجے میں کوئٹہ میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان عصمت اللہ قریشی اور konnectHBL کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد KUMAK پروگرام کے تحت خصوصی افراد کو مالی معاونت، تعلیمی سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات کی شفاف اور مؤثر فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ KUMAK پروگرام کے تحت حکومت بلوچستان خصوصی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر دکی کا ایس پی دکی اور اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ اس متاثرہ کول مائن کا دورہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے ایس پی دکی یونس رضا اور اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کے ہمراہ اس متاثرہ کول مائن کا تفصیلی دورہ کیا جہاں گزشتہ شب زہریلی گیس کے اخراج کے باعث دو بھائی جاں بحق ہوئے تھے ڈپٹی کمشنر نے جائے وقوعہ کا معا (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی سمیت صوبہ بھر سے ذمہ داران شریک ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈ روڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com